افیون، بجھنگر بادام = ہر سہ ادویہ کو کڑاہی آہنی میں ڈالکر آگ پر رکھیں اور نیم کی موٹی لکڑی سے جلاتے رہیں یہانتک کہ پانی ہو کر دو جل کر سرخی مائل ہو جائے پس اتارلیں اور صاف شیشی میں محفوظ رکھیں + ناسخورہ، درد دندان تحرک دندان وغیرہ کیلئے بہت تھوڑا استعمال کریں کھالیں اور احتیاط رکھیں جسم کا کوئی جز حلق میں نہ چلا جائے بائی اور یا کا کامیاب علاج ہے جو کبھی خطا نہیں کرتا اور مجربات میں سے ہے (بوقت تیاری نسخہ اسکے دھوئیں سے بچنا چاہئے)

کرشمہ برائے ویدان امعا مجرب

اول رات کو غذا کی بجائے جسقدر بھوک ہو قند سیاہ کھائیں صبح اٹھکر باد بر حیالیہ کہنہ کو کوٹ کر پانی میں پکاکر پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ پیٹ کے کیڑے سب بلا کسی اذیت کے خارج ہو جائینگے اگر ضرورت پڑے تو دوسرے تیسرے روز بھی دیا جاسکتا ہے قبل پلانے دوا کے پہلے میں نرم سونکو کھانا کھلانا نہایت ضروری ہے

حب کھانسی بلغمی وغیرہ

افیون، مالوی، زعفران اصلی، جبہ، رخطائی مغز = اول خشک ہاون کریں پھر افیون ملا کر خالص شہد خوب ملاکر اسکا حب بقدر باجرہ بنائیں = جسکو ایسی کھانسی ہو کہ شب کو نیند نہ آتی ہو انکو ایک حب وقت مغرب اور ایک وقت خواب نیم گرم پانی کی امداد سے نگلوادیں مرض کیسا ہی ہو انشاءاللہ تعالیٰ اسی شب کو آرام سے نیند آئیگی اور تین روز کے استعمال سے کھانسی جاتی رہیگی =

کھانسی ہر قسم

ایک توا آہنی جو لیں ہر صاف کرکے رکھیں اور اوپر تھوڑا نمک ڈال دیں اسکے اوپر ایک تولہ نوشادر ولیسی باریک کرکے ڈالدیں پھر اسکے اوپر پانچ تولہ باریک نمک ڈالکر اوپر ایک چینی کے پیالے سے ڈھانپ دیں توے کے نیچے بیری کی لکڑی کی آگ نرم نرم ایک پہر یعنی تین گھنٹہ متواتر جلائیں پھر آگ بند کردیں جب سرد ہو تو اوپر کے پیالہ پر جو جوہر لگا ہو اتار لیں اور محفوظ رکھیں خوراک نصف رتی سے دو رتی تک حسب طاقت و عمر بلغمی کھانسی والے کو بتاشہ میں اور خشک کھانسی والے کو مکھن میں دیں نئی پرانی کھانسی فی الفور دور ہو گی

سرمہ چشم عمدہ

جوہر کافور، سرمہ اصفہانی مغسول بآب برگ بادیان فی ضرورت میں کھرل کرکے نگاہ رکھیں اور صبح شام لگایا کریں ضعف بصر وگرمی چشم کیلئے مفید ہے

۳ تولہ

ترکیب جوہر کافور

کباب چینی، ورق چینی، زنجبیل، کافور، نوشادر، قلمی شورہ، پھٹکری، مصری کوزہ = دو ہانڈیوں میں بطریق مشہور جوہر نکالیں ۵ تولہ مگر آگ بقدر بتی زیادہ نقصان =

بہتر ہے کہ نیچے ہانڈی کے روغن گنجد کی موٹی بتی جلاکر جوہر حاصل کریں =

حب ممسک بلا افیون

کچلہ مدبر اسطرح کریں کہ تین مرتبہ دس دس تولہ شیر گاؤ میں پکائیں کہ ہر دفعہ

بعدہ پھر صاف کرکے خوب باریک کریں اور ہمراہ جوزبوا، عاقرقرحا، تخم جوزماثل سیاہ، اجوائن

اجوائن خراسانی، فلفل، دانہ کشتہ ابرک سیاہ، انکو خوب کھرل کریں - پھر گوکنار پانچ تولہ آب خیر

شبانہ روز تر کرکے جوش دیں کہ چہارم پانی باقی رہے پھر پانی چھانکر شہد خالص ۱ تولہ ڈال

نہایت ملائم آنچ پر پکائیں کہ قوام معجون کی طرح ہو جائے پھر قوام کو دونوں میں ملا کر

۳ رتی بنائیں خوراک ایک حب سے دو تک حب بر وقت مزاج ایک ساعت

قبل استعمال میں لاویں ہمراہ شیر - صدہا بار کا تجربہ شدہ ہے

کشتہ سنکھیا سفید مبہی و ممسک

نہایت اعلیٰ

سم الفار سفید کی ڈلی لے لیں اور بیضہ مرغ سے سفیدی دور کرکے زردی میں ڈالیں

دوسرے بیضہ کے خول سے بند کرکے کپڑ مٹی کریں اور ایک سیر چونہ ان

کے درمیان دیگر چونہ پر ایک پاؤ پانی ڈالیں جب چونہ بالکل سرد ہو جائے تو انڈا نکال کر سنکھیا

کی ڈلی نکال لیں اور پھر دوبارہ یہی عمل کریں حتی کہ ۱۰۱ مرتبہ یہی عمل کریں تو سنکھیا

زرد و قائم شدہ برآمد ہوگا یہ کشتہ اکسیر البدن ہے اور منجملہ عجائبات طب کے

نہایت ہی مقوی باہ اور ممسک ہے

قرص سوزاک آزمودہ

رب کالنج، مغز بادام، رب السوس، نشاستہ گندم، کتیرا، صمغ عربی، دم الاخوین

لوبان، تخم کرفس، افیون، مغز خیارین + سب کو کوٹ کر اسبغول کے لعاب میں

۳ تولہ + تین تین ماشہ کے قرص بنالیں تازہ پانی

یا دودھ کی لسی کے ہمراہ صبح کے وقت ایک قرص کھلائیں = تیز و ترش غذا

اور تیل و گڑ وغیرہ سے پرہیز ضروری ہے قدیم و جدید سوزاک کیلئے آزمودہ ہے =

(معمول مطب) سفوف خارش تر و خشک

سہاگہ، مردار سنگ، گندھک آملہ سار، کتھ سفید، کمیلہ، مسلہ، پھٹکڑی، توتیا سبز، کافور

انکا باریک سفوف کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں عند الحاجت روغن تلخ میں ملا کر حل کریں پھر

مالش کریں ایک ساعت کے بعد آب نیم گرم سے غسل کر ڈالیں خارش ہر قسم کیلئے اکسیر ہے =

حبوب مرگ موش

آزمودہ

برادہ آہن یا برادہ شیشہ جو باریک کھرل میں بنا ہو یا سفوف سنکھیا آٹے میں گوندھ کر مٹر برابر

گولیاں بنا کر خشک کرکے رکھ لیں فورت ہر سوراخ موش یا جہاں آمد و رفت زیادہ ہو وہاں چند

چند گولیاں ڈالدیں جو کھائیں گے مرجائیں گے مفید ترکیب ہے گولیاں مدت تک رہتی ہیں

ان سے بچائیں - اور ایسی جگہ رکھیں جہاں بچوں کی نظر نہ پڑے اندیشہ جان ہے

بھولے خوب احتیاط سے رکھیں =

برائے آشوب چشم
آزمودہ

افیون ۱ ماشہ، پھٹکری ۲ ماشہ دونوں کو باریک کھرل کرکے عرق گلاب ۵ تولہ میں حل کرلیں اور حفاظت سے شیشی میں رکھیں وقت ضرورت دو تین قطرے صبح و شام آنکھوں میں ٹپکادیں پہلے ہی خوراک آنکھ کی کھٹک میں کمی ہوتی ہے اور بفضلہ تعالیٰ تین چار یوم میں آرام مکمل ہو جاتا ہے

دیگر
آزمودہ

آرجنٹی نائٹراس ۱۰ گرین عرق گلاب ۱ اونس میں حل کرلیں اور حسب ترکیب بالا آنکھ میں ڈالیں

مریض چشم آشوب والا رونا آئے اور بفضلہ تعالیٰ ہمیشہ نجات پائے بہتر ہے مسکن دوا ہو شدید تکلیف میں اسکو تین تین گھنٹے کے فاصلے سے آنکھ میں ڈالیں =

بچھو کی اکسیر دوا
آزمودہ

افیون ۱ ماشہ، سہاگہ بریاں ۱ ماشہ، مصطگی رومی ۲ ماشہ، شنگرف رومی ۲ ماشہ جملہ ادویہ سحق کرکے پانی میں گوندھ کر بقدر نخود بنالیں۔ اور ایک گولی بوقت خواب یا جسوقت شدید ضرورت ہو عرق گلاب ۵ تولہ کے ساتھ کھائیں اور پھر ایک گھنٹہ تک حرکت نہ کریں چپ چاپ لیٹے رہیں شدید تکلیف کی حالت میں ایک گولی صبح و ایک شام دیجاتی ہے اسکے استعمال سے درد مروڑ وغیرہ جس طرف پہلی ہی خوراک سے فوری رفع ہو جاتا ہے بہت اکسیر دوا ہے

بحالت شدید اسہال دودھ والا ہرگز نہ دینا چاہیے اس حالت میں کسٹرائل دینا چاہیے خوب سمجھ کر گولی استعمال کرادیں

نسخہ مرہم انجیر و پھوڑا ہر قسم

سیماب ۲ تولہ، گندھک آملہ سار ۲ ماشہ، گندھک سفید ڈنڈا ۲ ماشہ، مردہ سنگ ۲ ماشہ، روغن زرد ۲ تولہ

اول سب نمبر درمیانہ کو خشک خوب کھرل کریں بعد میں کانسی کے برتن میں روغن زرد ڈالکر پارہ خوب گھوٹکر بنائیں بعد میں باقی ادویہ کھرل شدہ ڈالکر مرہم بنائیں اور چینی میں محفوظ رکھیں مقام انجیر کو صابن سے دھو کر معمولی لیپ کردیں دن میں دو بار انشاء اللہ تعالیٰ بخوبی تحلیل ہو جاویگا۔ اور پھوڑا وغیرہ کیلئے صرف باریک ململ پارچہ میں تھوڑی سی لگا کر اور زخم کو صاف کرکے لگادیں

نسخہ برائے ضماد پیرانے انجیر
(معتبر)

پرسیکیٹ آف پوٹاش ۱ تولہ (کنواں میں ڈالنے والی دوا)، ایسڈ آکسالک ۲ ماشہ، شراب دلیسی ۵ تولہ (لاشارب) = اول شراب میں مقیر کو حل کرلیا

پھر حل شدہ کو بوتل مضبوط میں خوب طور حل کریں پھر پوٹاش کو پیس کر بوتل میں ڈال کر منہ بوتل فوراً بند کردیں اور بوتل مضبوط ڈھکن والی ہو۔ ورنہ دوا اڑ جائیگی یا آگ لگ جائیگی اسی طرح کبھی بوتل سے باہر بھی کھرل وغیرہ میں تیار نہ کی جاوے۔ اور پوٹاش بوتل میں ڈالنے پر بوتل بہت گرم ہو جاتی ہے اور اسے فوراً نہ چھیڑیں ٹھنڈا ہونے کے بعد اٹھائیں اور اس میں سے ایک پھریری صبح و شام کو گلٹیوں پر لگائیں خواہ گلٹیاں پھوٹ گئی ہوں یا نہ پھوٹی ہوں بے حد مفید ہے کئی دفعہ آزمائی گئی ہے بس ضماد کیلئے اس سے بڑھکر کوئی دوا مفید نہیں اسکے استعمال سے فوراً تحلیل وغیرہ ہو جاتا ہے =

کشتہ طوطیا اکسیر

چونہ ان بجھا پتھری قریباً وزنی ۵ تار لیکر اور پیس کر رکھو پھر ایک مٹکا گلی لیکر جسمیں جتنا سیر
سما سکے اسمیں نصف چونہ کا فرش ولیپ کرنا اور میان میں نیلا توتیا اصلی کانی
گجراتی نیلا توتیا پانچ تولہ کی سالم ڈلیاں پتلی پتلی بچھا کر باقی نصف چونہ اوپر خوب دبا دیں پھر
اوپر سے ایک سیر پانی ڈالکر منہ خوب بند کرکے چالیس یوم گرمیوں کی تیز دھوپ میں پڑا رہنے دیں
پھر بعدہ باہستگی تمام توتیا نکال لیں جو سنگ مرمر کی طرح سفید کشتہ شدہ اکسیر
برآمد ہوگا۔ مگر اول مٹکا گلی کو خوب طور پر گل حکمت کریں پھر منہ وغیرہ بھی خوب بند کرکے
دھوپ میں رکھیں +

ترکیب دیگر کشتہ توتیا

شیر بکری - شیر زقوم - شیر آب برونڈی - لیکر ملا لیں اور نیلا توتیا کانی ۲ تولہ کا ایک قطعہ
کوزہ گلی میں رکھکر نرم آگ پر رکھیں دودھ مرکب مذکور کا مسلسل چوبیہ دیں۔ جب دودھ ختم
اور دوا خشک ہو جائے تو اسی کوزہ میں ایک پاؤ کا نصف شیر مدار خالص ڈالکر اس کوزہ کا
منہ بند کرکے عمدہ طور پر گل حکمت کرلیں اور چار سیر اوپلوں کی آگ دیدیں بعدہ نکالیں کشتہ
سفید برآمد ہوگا۔

دیگر

نیلا توتیا اصلی کانی کی ڈلی لیکر شیر مدار میں تر کرکے سایہ میں خشک کرلیں پھر مالکنگنی تولہ
بتیس تولہ کا سفوف کرکے درمیان میں ڈلی مذکور دیکر اکیس یوم تیز دھوپ میں رکھیں ہر روز تین بار
ڈلی مذکور دانتوں سے مسل دیا کریں تاکہ مالکنگنی کا روغن اس ڈلی پر لگتا رہے لیکن احتیاط رہے کہ ڈلی مذکور ٹوٹ
نہ جائے دن کو ہوا بچاکر شبنم سے محفوظ جگہ میں رکھیں اکیس یوم کے بعد ڈلی مذکور کو [illegible]
لیموں جو سفید شگفتہ باذن اللہ برآمد ہوگی

کاجل ہفت برگ — دیگر نسخہ کاجل اکسیر الاثر آنکھ کیلئے جو

برگ انار ترش، برگ نیم، برگ لبسان، برگ املی، برگ جامن، برگ آم، برگ آلوبخارا، برگ بھنگرہ
انکو خشک کرکے کوٹ لیں اور وزن میں برابر ہوں پھر انکو نیل کے رنگے ہوئے کپڑے میں بطور
فتیلہ لپیٹ کر فتیلہ بنالیں اور ایک چراغ میں روغن تلخ دیکر اسکو جلا کر ظرف گلی میں کاجل
لے کر کام میں لاویں = اور چراغ کو زمین میں گڑھا کھود کر رکھیں اور ظرف گلی برابر زمین کے رکھیں

فوائد کاجل

کاجل حرف یہی تمام امراض چشم کیلئے مفید ہے مسکہ لگادیں یا شہد میں کاجل بنا کر لگائیں

(آنکھ دیگر نسخہ عمدہ) عمدہ ہے آزمودہ

منجن خوشبودار مفید دندان وغیرہ — عمدہ

بازو بریان، ہیرا کسیس، لونگ، گلنار سوختہ، بلسا، زنجبیل، سنگ جراحت، سپاری سوختہ، جوز [illegible]
خرمہرہ زرد سوختہ، عاقرقرحا، خاکستر بارہ سنگا، سونا مکھی، ست پودینہ، الائچی خورد

تمامی ادویہ کو جدا جدا کوٹ چھانکر بحالت سفوف یکجان کرکے ڈبہ میں محفوظ رکھیں بوقت
ضرورت دانتوں پر ملیں۔ دانت مثل موتی سفید چمکدار و مضبوط ہونگے نیز تمام امراض دندان میں
اکسیر الاثر ہے۔ اور صاحب موصوف نسخہ نے صدہا مریضوں میں آزمایا مفید پایا۔ یعنے رات کو کھانا
کھانے کے بعد سوتے وقت بطور منجن لگادیں صبح کو نیم گرم پانی سے کلی کرکے صاف کریں
پھر بعد کھانا دوپہر کے دیگر بار عمل کریں اور اوپر پان کھاویں آزمودہ ہے جملہ امراض دندان میں +

مسکین ولی محمد افغان خاکوانی

(50)

سفوف اکسیر بخار جدید و درد اعضاء

کونین فیبرین ۲۰ تولہ — سوڈا بائیکارب ۱ تولہ — دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ — طباشیر ۴ ماشہ — گل ارمنی ۶ ماشہ — ست گلو ۳ ماشہ — شکر تری ۵ تولہ

تمام ادویہ کو سفوف بنا کر شیشی میں بحفاظت رکھیں بوقت ضرورت خوراک ۱ ماشہ دیں بخار جدید و درد اعضاء و درد سر وغیرہ کیلئے زود اثر ثابت ہوا ہے =

دیسی کونین


ہڑتال ورقیہ سبز ۱ تولہ — سہاگہ بریاں ۱ تولہ — پھٹکڑی بریاں ۱ تولہ — قلمی شورہ (نوشادر) ۱ تولہ — لیموں سبز (عرق) ۵۰ عدد — از ثمرہ

عرق لیموں میں تمام ادویہ کو خوب طور کھرل کریں کہ خاکستر ہو جاوے - خوراک نصف رتی صبح و شام ہمراہ گلقند یا کھنڈ وغیرہ

چنبیر

قائم کردن عرق و شربت سالہا سال تک

یورپ و امریکہ و دیگر ملکوں سے جو ہر قسم کے عرق - شربت وغیرہ ہمارے ملک میں آتے ہیں اور کئی سال پڑے رہنے سے خراب نہیں ہوتے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ ان عرق وغیرہ میں صرف ایسڈ سیلی سلاس جو ہر انگریزی دوافروش سے ملسکتا ہے انکو عرق وغیرہ میں ملاتے ہیں آپ بھی پانچ رتی فی سیر کے حساب سے ایسڈ سیلی سلاس ملا لیا کریں برسوں تک عرق شربت صحیح سلامت رہینگے اسکے ملانے سے نہ ذائقہ بدلتا ہے اور رنگ و بو بھی نہیں بدلتی - نوٹ - ایک بات ضروری ہے کہ دوائی مذکور گرم عرق و شربت میں حل ہو سکتی ہے جو سرد میں حل نہیں ہوتی +



(51)

علاج الاطفال مجرب

نوٹ: برائے تحقیق کیلئے کتاب مخزن الحکمت جلد دوم صفحہ ۲۰۳ امراض اطفال ملاحظہ کریں

سفوف برائے اسہال و بدہضمی و نفخ اطفال

بادیان بریاں ۱ ماشہ — پودینہ خشک ۳ ماشہ — کبھورا کھیری ۳ ماشہ — دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ — انار دانہ ترش ۲ ماشہ — زیرہ سفید بریاں ۲ ماشہ — زیرہ سیاہ ۱ ماشہ — جائفل باریک کوٹ کر ۱ ماشہ — نبات سفید ۱ تولہ

چھانک سفوف بنا رکھیں بوقت ضرورت ایک چٹکی یا رتی ۳ سے ۴ رتی بچہ کی عمر کے موافق عرق بادیان یا شیر مادر کے ہمراہ دیں نفخ شکم و بدہضمی و اسہال وغیرہ کیلئے اکسیر ہے =

حب ام الصبیان

افیون ۱ ماشہ — کافور ۱ ماشہ — حلتیت اصلی ۱ ماشہ — جند بیدستر ۱ ماشہ — آب ادرک میں کھرل کر کے حب بقدر مونگ بنائیں

ایک حب صبح ایک شام شیر مادر میں گھس کر دیں انشاءاللہ فوراً صحت ہوگی اگر دورہ شدید ہو تو دن میں چار بار دے سکتے ہیں بفضل تعالٰی جلد آرام ہو جاتا ہے =

دافع ام الصبیان بچگان وغیرہ

انگوزہ خالص ۱ تولہ — زمین کاؤ ۱ تولہ — کہتہ سفید ۹ ماشہ — فلفل سفید ۱ ماشہ — افیون ۱ ماشہ — نیلا تھوتھا ۱۵ عدد

اول ہینگ کو زمین گاؤ میں نیم بریان کریں بعد دیگر تمام ادویات کے ہمراہ خوب باریک کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں خوراک بقدر ایک رتی سے دو رتی تک شیر مادر وغیرہ سے دیں - فوائد - بچوں کے اکثر دماغی امراض مثلاً ام الصبیان اور سینہ کے امراض مثلاً کھانسی - دمہ - ذات الجنب وغیرہ - بچہ اگر دودھ ڈالتا ہو یا دودھ پینے کے بعد قے کر دیتا ہو جسمیں دودھ پھٹا ہوا برآمد ہو - یا دست ہرے پیلے خواہ کیسے ہوں یا بخار وغیرہ سب میں بہت مفید ہے - لیکن دانت نکلنے کے وقت کے تمام عوارضات میں تریاق کا کام کرتا ہے =

تریاق الاطفال

دنیا میں اس وقت بہت سی گھٹیاں موجود ہیں لیکن یہ ان سب سے بڑھکر بچوں کے لیئے آب حیات ہے
تمام امراض میں تجربہ کرنے پر نہایت سود مند ثابت ہوئی ہے بچہ کو ہر امراض میں خواہ کیسی ہی استعمال
کرے نتیجہ شفا انشاء دیکھا جائیگی = مدار کے تازہ پتے لیکر پانی سے دھو لیں پھر پوست ہلیلہ زرد
کے جوشاندہ میں چار پہر بھگو رکھیں بعدہ پتہ مذکور کو آگ پر سینک کر ہر ایک پتہ کو دونوں
ہاتھوں سے بھینچ بھینچ کر عرق نکالتے جائیں ایک لمحہ تک اس عرق کو رکھکر اسکا زلال لیکر وہاں
کرلیں بعدہ عرق چھنک دیں جتنا یہ عرق ہو اسکا نصف مصری اور نصف وزن شہد ملا کر آگ
پر مثل شربت کے ذرا گاڑھا قوام کرکے بوتل میں بھر لیں = خوراک - ایک سال کے بچہ کو ایک بوند
دو سال کے بچہ کو ۲ بوند تین سال کے بچہ کو ۳ بوند - اس سے اوپر کے بچہ کو تا بارہ سال کے بچہ تک ۵ بوند
موسم کے موافق سرد یا گرم اور تازہ پانی سے کرکے استعمال چاہیئے اور اسکی مداومت بچے کو مرتا تازہ کر دیتی ہے

اکسیر الاطفال

آزمودہ

نارجیل دریائی	دانہ [illegible]	زردورد	زہر مہرہ اصل	طباشیر	سنگ یہود	پوست ہلیلہ زرد	مغز [illegible]
۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ

مروارید [illegible] = اول مروارید کو روح بید مشک میں تنہا کھرل کریں کہ کرکراہٹ نہ رہے اور خوب کھرل ہو جاوے
[illegible]
باقی ادویہ علیحدہ علیحدہ کوفتہ بیختہ کرکے کھرل میں بمعہ مروارید ڈالیں اور انکو عرق گلاب دو تولہ آلشنہ خالص
میں کھرل کریں تو جاوے عرق مذکور بیمار جذب کرادیں جتنا کھرل زیادہ کروگے اتنا دوا زیادہ باثر ہوگی جتنے کہ دوا
رنگ سفید و ہلکی ہو جاوے تو گولی بقدر دانہ مونگ بنا دیں = مقدار خوراک = چھ ماہ عمر بچہ کیلئے [illegible]
گولی شیر مادر میں گھس کر دیں شدت مرض کی صورت میں ایک صبح و ایک شام ۲ = چھ ماہ سے تا ایک سال
ایک گولی صبح و ایک شام شدت مرض اسہال ہر قسم وغیرہ چار گولی ہمراہ شیر مادر گھس کر دیں
اس سے زائد عمر کیلئے دو گولی صبح و دو شام بحالت مرض شدید ۵ منٹ کے فرق سے دیں

[illegible]

بدرقات = قے و اسہال کی حالت میں شیر مادر یا عرق گلاب میں گھس کر دیں = مرض عطاش میں ہمراہ
لعاب بہدانہ - شیرہ مغز تخم کدو - شیرہ مغز تخم خیارین - شیرہ تخم کاہو عرق گاؤزبان میں نکال کر شربت حل کرکے یہ گولیاں
دیجاتی ہیں + اور جس وقت بچہ دائیں بائیں جانب سر کو پھیرے جو لازمی طور پر مرض عطاش میں ہوتا ہے
اس وقت بچہ کے سر پر روغن کدو یا کاہو کی مالش کریں بعد ازاں کدو کے ٹکڑے دراز کرکے سر پر رکھیں
یا کدو نہ ملے تو پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ - آملہ مقشر ۱ تولہ - گل گلاب ۵ تولہ عرق میں پیسکر پارچہ تر کرکے دماغ پر رکھیں انشاء صحت ہوگی -

غلبہ تشنگی کے وقت مغز کنول گٹہ نیم کوفتہ - طباشیر نیم کوفتہ کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر مٹی کے
کورے برتن میں پانی بھر کر پوٹلی ڈال دیں اور اس میں سے تھوڑا تھوڑا پانی پلاتے رہیں پیاس کو ہرگز نہ روکیں

ہے جربتہ مرارا کثیرۃ فوجدتہ صحیحاً

مادر الاطفال

مغز کرنجوہ	کتھ سفید [illegible]	افیون
۱ تولہ	۱ ماشہ	۲ رتی

پانی میں ہر ایک پیسکر مسور کے دانہ کے برابر گولیاں بنا دیں ایک ایک گولی
چھوٹے بچوں کو ان کے دودھ میں گھس کر دیں بڑے بچوں کو پانی میں
گھس کر کے کھلا سکتے ہیں مفید دوا ہے - قبض ہر سادست - سوکھا کے لیئے غیر معمولی مفید [illegible]

واقعی اچھی چیز ہے

حبوب مروارید

آزمودہ

زہر مہرہ خطائی	مغز کدو	مغز خیارین	مغز خربوزہ	طباشیر	زردورد	گل ارمنی	کہربا	مروارید
۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۵ ماشہ

= عرق گلاب [illegible]

ادویہ بالا میں خوب کھرل کریں اور بقدر دانہ مونگ گولیاں تیار کریں - بچوں کے اسہال بند کرنے اور انکی تقویت
اور انکے بھڑک جانے کیواسطے اکسیر الاثر چیز ہے - خوراک ایک گولی شیر مادر میں گھس کر دینی چاہئے

چھ ماہ تک کے بچہ کو روزانہ ایک گولی شیر مادر میں
ایک سال کے بچہ کو دو گولی ایک صبح و ایک شام
دو سال کے بچہ کو تین یا چار گولی ہمراہ عرق بید مشک وغیرہ دیں

بچوں کے اسہال خونی کیلئے اکسیر

سونف بریاں — زیرہ سفید بریاں — آب گوکنار میں شیرہ نکالکر مصری سے میٹھا کرکے پلائیں

سریع الاثر نسخہ ہے = از ہمدرد الحاذقین

تریاق اطفال مجرب

یہ تریاق مجرب عجیب التاثیر جملہ امراض اطفال کیلئے خواہ گرم ہوں خواہ سرد ہوں مفرد ہوں یا مرکب مثلاً ام الصبیان - دودھ - سرسام - ماشرا - سرفہ - ضیق النفس - درد شکم - نفخ - قبض - قے وغیرہ کیلئے مجربات عجیبہ سے ہے۔

جیفل زرد ۳ تولہ — بورہ بریانی ۳ تولہ — زعفران سفید ۳۰ تولہ — [illegible] ملا کر باریک کرکے

خوراک [illegible] مثلاً اگر ایک سال کا ہے تو دودھ میں ایک ماشہ - اگر دو سال کا ہے تو دو ماشہ علی ہذا القیاس عمر کے لحاظ سے ایک ماشہ بڑھاتے جاویں =

صحت حیات شربت عمدہ اکسیر

بچوں کیلئے بہترین شربت غذا ہے اور صحت کیلئے بہترین دوا ہے بچوں کے تمام اعضاء رئیسہ کو قوت بخشی کرتا ہے پیاس بھوک ہضم ہوتا ہے از حد مقوی ہوتا ہے - نیز کھانسی بخار - دودھ گرنا - رنگ زرد ہو کمی جانا وغیرہ وغیرہ تمام امراض کو شرطیہ طور پر دور کرکے بچے کو چند ہی روز میں موٹا تازہ کر دیتی ہے = اسکا مقابلہ انگریزی گرائپ واٹر یا بال امرت یا کوئی گھٹی نہیں کر سکتی یہ شربت تمام [illegible] جو بچوں کی پرورش کی ہوتی ہیں سب سے بہترین شربت ہے احتیاط نسخہ کے مطابق تیار کریں یا نسخہ یہ ہے [illegible] تیار کریں نسخہ

(نسخہ شربت اطفال مشہور)

جو۔ اپل بچھ آدھ پاؤ لیکر دو سیر پانی میں بھگو دیں دن میں تین بار ہلاتے رہیں چوبیس گھنٹہ بعد پانی الگ احتیاط سے نتھار لیں کہ جو کی جمعیت اس میں نہ آئے خوب احتیاط سے نتھار لیں پھر اس دن بالہ برگ ایک سیر - برگ گل نیلوفر پاؤ - گاؤزبان پاؤ - خوب کلاں آدھ پاؤ - [illegible] آدھ پاؤ - سپستان [illegible] خشک منقیٰ [illegible] اور [illegible] معمولی [illegible] چوبیس گھنٹہ تک پانی میں بھگو چھوڑ دیں پھر دیگ عرق کشید کریں عرق نکالتے وقت [illegible] ان تمام کا چار بوتل عرق کشید کریں - [illegible] ڈیڑھ سیر مصری سے قوام شربت تیار کریں - رنگت کو دلفریب بنانے کیلئے [illegible] کا چند قطرہ ملا لیں بس شربت تیار ہے خوراک شربت ایک سے چار ماشہ تک بلحاظ عمر [illegible] ماں کے دودھ سے یا تازہ پانی سے استعمال کریں بچہ تمام بیماریوں سے محفوظ رہیگا اور موٹا تازہ ہو جاویگا

سفوف نمبر ۳ اسہال مروڑ و اسہالی بچگان

تخم خرفہ — کچری بریاں — بادام سبز — نبات سفید — جمیع اجزا باریک کرکے رکھ دیں

۲ تولہ — ۳ تولہ — ۶ تولہ — ۱ تولہ

خوراک ایک رتی سے ایک ماشہ تک دودھ میں حل کرکے دینے سے شیر خوار بچوں کے اسہال بہت جلد رفع ہو جاتے ہیں تجربہ شدہ

کاجل اکسیر الاثر

نسخہ ۵

شگوفہ انار	تخم کھرلی	بیخ گلاب	زردچوب	سرمہ سفید	سنگ لاجوردی	قرنفل	ممیرہ چینی
۱ ماشہ	۱ ماشہ	۱ ماشہ	۱ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ

شگوفہ ... ان کو کنول کے رنگے ہوئے کپڑے میں لپیٹ کر فتیلہ بنالیں مگر پہلے اجزاء کو کوٹ لیں اور کپڑے ... چراغ میں روغن تلخ ڈال کر جلا کر ظرف گلی میں لیکر محفوظ رکھیں اور کام میں لاویں جملہ امراض چشم کو از حد مفید ہے =

ناسوار بڑی نزلہ زکام

آزمودہ

اونٹ کی مینگنی خشک مٹی وغیرہ سے صاف کر کے کسی برتن میں جلائیں جب انگارہ ہو جائے تو سبز مدار میں ڈالدیں پھر خشک کر کے باریک پیس لیں پھر ایک تولہ یہ دوائی خاکستر مینگنی۔ قرنفل ۲ ماشہ دانہ الائچی کلاں ۱ ماشہ مرچ سفید پانچ عدد۔ کائپھل ۱ ماشہ باریک کر کے رکھیں بطور نسوار استعمال کریں رطوبات دماغیہ کیلئے اکسیر ہے =

(اکسیر الاثر ناسوار بڑی درد شقیقہ وغیرہ)

آزمودہ

پوست انار چار تولہ نہایت باریک پارچہ بیز کر کے سبز مدار میں گوندھ کر روٹی کی مانند توے پر نرم آنچ سے پختہ کرلیں پھر اسے خشک کر کے نہایت باریک پیس لیں پھر ادویہ ذیل شامل کر کے نسوار بنائیں۔ سنبل الطیب۔ اشنہ۔ الائچی خورد۔ کائپھل = پس یہ نسوار ناک میں کھینچنے سے مقدار ۱۵ منٹ بعد سخت چھینکیں آکر نزلہ دماغیہ و رطوبات زائدہ دفع ہو جاتی ہیں و درد سر جاتا ہے مریض ہوش میں آجاتا ہے بارہا کا مجرب ہے =

نسخہ معجون مسکن بہی و مقوی

نہایت عمدہ آزمودہ و تجربہ شدہ اکثر

نقل از بیاض حضرت والد صاحب

الائچی خورد دانہ	الائچی کلاں دانہ	مغز چلغوزہ	مغز پستہ	مغز بادام	مصری تالمہ سفید	روغن زرد	قنب تیز
۲ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۲ چھٹانک	۲ چھٹانک	۲ سیر	۱ سیر	۱ سیر

ورق نقرہ	زعفران	نشاستہ
۱۲ عدد	۳ ماشہ	۱ تولہ

اول قنب کو پانی میں خوب بھگو کر اور نچوڑ کر صاف کریں بعدہ آٹھ سیر پانی میں جوش دیں کہ آٹھ پہر تک جوش کھاتا رہے کہ ہاتھ کے ملنے سے گداز معلوم ہو اور رنگ بھی زرد ہو جاوے تو اسوقت اسی چولہ پر گرم دیگچہ میں روغن زرد مذکور ڈالدیں اور چار پہر برابر اسی آگ پر دیگچہ رہے پھر دن کو ایک بجے تک جوش دیں اور دیگچہ میں اندازاً چار سیر پانی موجود رہے اگر کم ہو جاوے تو دیگر پانی ڈالنا چاہیے پس ان ترکیب کے بعد اس پانی تمام کو مع قنب اونا سفیدہ میں دو پراتوں میں نتھار دیں بلکہ دو پراتوں میں نتھار لیا جاوے بعد سرد ہونے کے روغن زرد کو ہاتھ کی ہتھیلی سے جدا کیا جاوے اور پانی مذکور کو نتھار کر دیگچہ یا پتیلہ میں نتھارا ہوا پانی مع گھی ڈالکر اور مصری مذکور بھی شامل کر کے قوام بنا دیں اور تلچھٹ پانی گیر دیں بیکار ہے۔ پس قوام معجون میں باقی ادویہ مذکورہ بالا ڈالکر معجون تیار کریں خوراک ۲ ماشہ ۔ اور دیگر ۶ ماشہ تولہ تک کافی ہے =

از قلم ... [illegible] ... افغان ... سکندر ... حال مقیم ... [illegible]

مورخہ ۵ جنوری ۱۹۳۳ء [illegible]

نسخہ نمبر ۵۸ (58) حب مسہل آزمودہ اکثر درجہ اول

آزمودہ

شنگرف رومی ایک تولہ دو پہر آب لیموں اور دو پہر شیر گاؤ سے کھرل کریں پھر اس میں سہاگہ بریاں
زنجبیل ۔ دار فلفل ہر ایک ایک تولہ حب الملوک مقشر چار تولہ ڈالکر سحق کریں اور شیر گاؤ کی
تپٹ دیکر گولیاں بقدر ایک رتی بنائیں ۔ فوائد ۔ یہ گولیاں مسہل ہیں تین گولیاں
کھا کر پانی کے جتنے گھونٹ پئیں اتنے ہی اسہال ہوتے ہیں یعنی ایک ایسا نسخہ جلاب
ہے جسکی نظیر ملنی محال ہے بلا تکلیف ایک گولی سے دو دست آتے ہیں اور لطف یہ ہے کہ جس وقت
بند کرلیں اور جسقدر چاہئے اتنے آئیں کوئی خاص تکلیف نہیں محسوس ہوتی خوراک ایک
سے تین گولی تک حسب عمر ہمراہ پانی دیں پانی پلائیں سے دست آتے رہتے ہیں جب بند
کرنا چاہیں تو کھچڑی یا چاول وغیرہ کھلا دیویں اکثر آزمودہ شدہ زود اثر جلاب ہے

سنون دندان

گندھک ۔ پھٹکری ۔ شورہ قلمی ۔ انجبار ۔ نمک لاہوری
ا ماشہ ا ماشہ ا ماشہ ۳ ماشہ
مانند نفوع جوشاندہ برگ نیم برگ گوندنی تخم مہندی پوست سحق بلیغ کریں
۲ تولہ ۲ تولہ ۲ تولہ یک عدد
اور بعد خشک ہونے کے اس سفوف کو تھوڑا دندان پر ملے اور فائدہ دیکھے نہایت
عجیب چیز ہے

۱۰ فروری ۱۹۳۲
داؤد خود

نسخہ نمبر ۵۹ (59) سرمہ چشمان برائے جملہ امراض چشم

اکسیر

سرب خالص ۔ قنب کو کھوٹ کر پانی ڈالا جاوے اور سکہ مذکور کو گرم کرکے سات دفعہ اسمیں منطفی کر
تولہ ۱ تولہ
پھر مثل اسکے ایک پاؤ نیم جوشاندہ کے پانی میں پھر مثل اسکے ایکپاؤ گجرات گاوی میں پھر اسیطرح
شہد خالص میں سات سات دفعہ منطفی کرے بعدہ سکہ مذکور کو ٹکڑے ٹکڑے باریک کرکے مقراض کرے اور
پھر روغن چالیس دن متواتر کھرل کرے بوقت سحق کبھی کبھی روغن گاؤ بقدر ماشہ ڈالتا
رہے بعد گزرنے چالیس یوم کے سرمہ کو بحفاظت شیشی میں محفوظ رکھے بوقت ضرورت آنکھوں میں
لگاوے اور بوقت خفتن وظیفہ رکھے کمی بصارت کو دور کرے اور آنکھوں کو مجلا کرے نیز جمیع امراض
چشم کیلئے اکسیر الاثر ہے

نسخہ ۱۵

نسخہ مقوی و ممسک مجرب

زرنیخ سیاہ خالص شیر عشر خالص ۱ تولہ گلی میں روغن زرد والہ جو بیس سالہ ہو شیر مذکور ڈالکر
۲ تولہ ۱ ماشہ
اور دستہ مذکور کو ریبی ڈالکر بند کرکے کڑاہی میں درمیان ریت کے رکھکر آگ یا چکنی ستی کی دیو ۔ اور اوپر ریت
کے ایک سانہ رکھے جب کانہ کا جلنا شروع ہو تو آگ بند کردیں اور بعد سرد ہونے کے ورسکہ مذکور کشتہ
ہو جاویگا باحتیاط تمام کشتہ شیشی میں محفوظ رکھیں خوراک ایک دانہ خشخاش در مسکہ یا حلوہ یا مکھن
کے دیویں زود دو ہمراہ گھی کا استعمال وافر ہو ۔ نہایت مقوی و ممسک زود اثر دوا ہے

امرت دھارا

(درد دندان کی اکسیر بے خطا دوا)

آزمودہ اکسیر

کاوو فارم	ایتھل کلورائیڈ	ایتھل پیپر منٹ	کافور	کاربالک ایسڈ سپرٹ
۲۸ حصہ	۲۸ حصہ	۲۸ حصہ	۶۲ حصہ	۱۰۰ حصہ

ان سب کو ملا کر محفوظ شیشی میں رکھیں عند الضرورت پھاہا کر روئی کے پھویہ سے مقام درد دانت پر لگادیں = یہ بہت اچھا امرت دھارا ہے جو سر درد کان درد و ڈاڑھ درد وغیرہ کیلئے اکسیر

نیز اکسیر الاثر برائی درد دندان

اکسیر الاثر برائی درد سر وغیرہ

البیرین | کیفین سائیٹراس دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ کھالیں یہ ایک خوراک ہے

۵ گرین	۲ گرین

درد سر خواہ کیسی سبب ہو بفضل تعالیٰ اس سے پانچ منٹ کے اندر زائل ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں درد دندان۔ درد چشم۔ درد گوش۔ درد عرق النساء۔ درد وجع المفاصل۔ الغرض جملہ اوجاع عصبانیہ عارضی کے واسطے بہترین دوا ہے۔ جب مریض درد کی شدت کی وجہ سے تڑپ رہا ہو بوجہ درد کے نیند نہیں آتی ہو تو اسکی ایک خوراک یا انتہا دو خوراک جادو کا اثر دکھاتی ہے بے چین مریض چین کی نیند سو جاتے ہیں بارہا آزمودہ شدہ ہے انشاء اللہ تعالیٰ

اکسیر دندان

آزمودہ

بورینہ کاسٹ	کلوروفارم	الکحل
۸ قطرے	۸ حصے	۲/۱ حصے

ملا کر شیشی میں مضبوط کاک سے رکھیں پھاہا یہ کو تر کر کے مقام درد پر لگادیں انشاء اللہ ایک منٹ میں درد موقوف ہوگا آزمودہ اکسیر ہے

کشتہ مقوی دل و دماغ نہایت اعلیٰ

مرجان ۱ تولہ	عقیق سرخ	یشب خالص ۳	صدف صادق	ورق نقرہ خالص
ا تولہ	الولہ	الولہ	ا تولہ	نصف دفتری کی سلاخ

دنا بید عمدہ ۵ تولہ عرق گلاب عمدہ ۵ تولہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ یہ تینوں عرق نہایت تیز لیں اور عمدہ ہوں۔ اول ان عرق کو یکجان کریں پھر اس عرق سے ایک چھٹانک لیکر چینی کی پیالی میں ڈالیں اور نمبر وار ادویہ کو لیمن کے پتھر پر رکھ کر خوب گرم کریں کہ پتھر سرخ ہو جاویں پس انکو مشتولینے دستنا ہے آہستگی سے اٹھا کر پیالی والے عرق میں ڈالدیں سرد ہونے پر پھر پتھروں کو پھر گرم کریں اور عرق پیالی والا جدا رکھیں پھر دوبارہ عرق تازہ ایک چھٹانک پیالی میں ڈالیں اور گرم شدہ پتھر کو اسمیں ڈالیں۔ علیٰ ہذا القیاس اسی طرح چھتیس ۳۶ بار گرم سرد کریں ہر بار عرق تازہ ہو پس ان پتھر تیار شدہ کو اکٹھا بیس ۲۰ سیر اوپلوں میں آگ دیں انشاء اللہ تعالیٰ کشتہ ہوگا ورنہ دوبارہ آگ دیں اگر مغز کیول ڈوڈا کے درمیان رکھکر آگ دیں تو بعد کشتہ ہونے کے اسمیں صدف کشتہ شامل کریں اور عرق بید مشک سے ورق نقرہ کو کھرل کریں پھر محفوظ شیشی میں رکھیں خوراک نہار منہ ایک رتی سے دو رتی تک کھانی ہے تقویت دل و دماغ و حرارت جگر کیلئے اکسیر الاثر بے بہا تحفہ ہے دل و دماغ جگر معدہ کیلئے بدرجہ غایت مفید ہے نیز خوف دل کو دور کرتا ہے

نوٹ متعلق نسخہ بالا

ترکیب بالا صرف کشتہ عقیق کرنے کی ہے جو تجربہ میں آئی = اور کشتہ مرجان ایک تولہ کو مسکہ تین تولہ میں بند کر کے آگ دیا اسی طرح تین مرتبہ آگ دیا اور ہر بار مکھن تازہ ہو پس کشتہ مقوی دماغ تیار ہے۔ اور کشتہ سنگ یشب برگ گاؤزبان و نیلوفر تازہ کے جوشاندہ میں صلایہ کر کے کشتہ تیار کریں پھر ان تینوں کشتہ جات کو وزن ایک ورق نقرہ سے کھرل کریں اور خمیرہ بادام میں بقدر ۲ رتی رکھکر نہار منہ و سوتے وقت استعمال کریں نسخہ خمیرہ بادام یہ ہے۔ مغز بادام شیریں مقشر ایک پاؤ شیر گاؤ کے ساتھ پیسکر ڈیڑھ پاؤ مصری کے ساتھ قوام کریں آخر میں ۱ تولہ ورق الذہبی خوردار ۲۵ پچیس عدد ورق نقرہ ملا کر محفوظ رکھیں و استعمال کریں۔

(عقد سیماب بذریعہ بوٹی آزمودہ)

بیخ جریبہ سبز کا ایک پاؤ عرق نکالکر کوزہ گلی میں رکھکر اسمیں دو تولہ سیماب تشنگرفی ڈالکر آنچ پر پکاؤ جب کہ تمام عرق خشک ہو جائے گا پارہ لبتہ انشاءاللہ تعالیٰ ملیگا۔ یہ لبتہ پارہ دو رو گولی کر پیا جاوے تو وہ دہ ہضم و مقوی باہ وغیرہ نیز طاقت از سر نو عود کر آتی ہے یہ ترکیب جو بہت آسان ہے و فائدہ و قوت کا حال تو خود استعمال کنندہ کو معلوم ہوگا۔

(آزمودہ شدہ طلاء زعفرانی ممتاز اکسیر)

بیربہوٹی، خراطین مصفیٰ، زفت رومی، بیخ مال کنگنی، زیرہ کلسیتہ، بیار گردہ، روغن موم خود
۲ ماشہ، ۲ ماشہ، ۲ ماشہ، ۱ تولہ، ۱ تولہ

عاقرقرحا، دارچینی، بیخ نوک کنڈ، بیخ گردہ بز، زہرہ کاؤ، پیاز نرگس، گندہ پیاز، بیخ کلونجی خرد
۲ ماشہ، ۲ ماشہ، ۳ ماشہ، ۱ تولہ، ۱ عدد، ۱ تولہ، ۱ تولہ، ۱ تولہ

زعفران ۲ ماشہ، بیر بہوٹی سرخ ۲ ماشہ

سبکو ایک پہر کامل کھرل کر کے محفوظ رکھیں پہلے عضو کو کسی موٹے کپڑے سے اسقدر ملیں کہ سرخ ہو جاوے اسکے بعد بقدر ایک طلاء ملکر خوب جذب کر دیں۔ عضو کی لاغری دور کو دور کرنے ترکیب بیاگر سالیس و پیش کو برابر کرتا ہے کجی قطعاً جاتی رہتی ہے بند ۱۰ روز کے قلیل استعمال سے نصف انگشت کے قریب درازی پیدا ہو گئی آزمودہ شدہ۔ مجرب ہے
دوران استعمال تک سرد پانی نہ لگائیں بہت کامیاب چیز ہے آزمانے سے معلوم ہوگی

(چورن ہاضم عمدہ خاص)

ست لیموں، سہاگہ بریاں، دانہ الائچی خورد، نمک سیاہ، فلفل سیاہ، فلفل دراز، نوشادر، جوہر اجوائن، جوہر پودینہ، جوہر نوشادر
۲ ماشہ، ۱ تولہ، ۱ تولہ، ۱ تولہ، ۱ ماشہ، ۳ ماشہ، ۱ ماشہ، ۱ رتی، ۱ رتی، ۳ رتی

ہرڑ میرہ خطائی، نوشادر دیسی، دلیبی ۳ ماشہ، ۱ تولہ، ۳ ماشہ
سفوف تیار کریں بوقت ضرورت یا بعد از غذا خوراک ایک ماشہ ۵ تولہ ہمراہ آب تازہ تین وقت استعمال کریں

معجون مقوی دماغ و کمزوری دماغ و تقویت ارجح

بے حد مفید درجہ اول انشاءاللہ

مربہ ہلیلہ، مربہ آملہ، مربہ بہی، گلقند، ورق نقرہ، ورق طلاء، عنبر اشہب، دانہ الائچی خورد، کشتہ مرجان، مشک
۹ تولہ، ۸ تولہ، ۸ تولہ، ۱۱ تولہ، یک دفتری، ۲۰ عدد، ۲ ماشہ، ۶ ماشہ، ۶ ماشہ

اول مربہ جات کو گرم پانی سے دھو کر کپڑے سے صاف اور خشک کر کے گٹھلی نکال دیویں اور سبکو کھرل میں ڈالکر کریں اور خشک ادویہ باریک پیس کر آملیں میں ملا دیں بعد ازاں ورقوں کو اضافہ کریں اور خوب حل کریں کہ مثل معجون ہو جاوے دلیں یہی معجون ہے آگ پر پکانے کی ضرورت نہیں ہے بحفاظت شیشی ڈھکنے والی میں محفوظ رکھیں خوراک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ گرم دودھ و دو پہر کا سونا گرم وغیرہ چیز وغیرہ سے اور دورہ وغیرہ خوری کا فردی ہے نیز بولنا بہت کم و قبضہ کا فاسد خیال و دماغی محنت وغیرہ سے پرہیز

پلٹس اکسیر برائے آتشی پھوڑہ

پنیر، مینڈھ پھل، ہلدی، میدہ لکڑی
سب کا ہم وزن کر کے کوٹ چھان کر ہمراہ آٹا پلٹس تیار کریں۔
آٹا اور تیل تلی ملا کر کڑاہی میں پلٹس تیار کریں اول گرم کریں بعدہ اوپر باندھ دیں انشاءاللہ ان کو در دیگر دیگر پھوڑے بھوڑے کو پھوڑ دیگی یا تحلیل کر دیگی حکم اکسیر کا رکھتی ہے بارہا آزمودہ شدہ۔

اکسیر نسخہ طحال آزمودہ اکثر

سالٹ تازہ بعدہ — ۱ تولہ
نوشادر — ۲ ماشہ
ہیرا کسیس — ۶ ماشہ
کونین سہر اصلی ولایتی — ۶ ماشہ
تیزاب گندھک — ۶ ماشہ
قلمی شورہ — ۶ ماشہ
کل ساٹ ادویہ
عرق گلاب خالص — ۲۰ تولہ



اول تھوڑا عرق میں تیزاب ڈالکر حل کریں پھر کونین پھر ہیرا کسیس پھر قلمی شورہ نوشادر بعد میں سالٹ ملا کر حل کریں بس خوراک یک چمچہ صبح و شام
پرہیز گھٹی و تیل وغیرہ سے بہت زیادہ استعمال کریں

ترکیب روغن زردی انڈا

قریباً چھ انڈا کی زردی نکالکر مثلاً انڈا کو پانی میں ابال کر زردی نکالی جاوے۔ پھر اسکو کڑاہی میں گرم کریں اور ۶ ماشہ ہڑتال ورقی زرد کو سفوف کرکے اسپر دھوڑا دیئے جاویں اور ڈوئی کو نیچے اوپر کرتے تلتے جاویں پھر اسکو کپڑے سے دباؤ گے تو نچلی طرف کڑاہی کے بفضل تعالیٰ روغن برآمد ہوگا جسکا رنگ سیاہ ہوگا مگر گرانے سے سرخ معلوم ہوگا بس یہ روغن انڈا اکسیر وغیرہ کے کام آتا ہے



حب سرفہ بلغمی کھانسی میں مفید آزمودہ اکثر

رب السوس — ۲ ماشہ
صمغ عربی — ۲ ماشہ
کتیرا — ۲ ماشہ
شکر تیغال — ۲ ماشہ
مغز بادام — ۲ ماشہ
تخم خشخاش سفید — ۲ ماشہ
افیون — ۲ ماشہ
زعفران — ۲ ماشہ

سب کو پیس کر لعاب بہیدانہ میں ملا کر نخود برابر گولیاں بنائیں بوقت ضرورت
نسخہ میرے پیر کا جو سیں آزمودہ شدہ

نسخہ مقوی دماغ و مقوی بصر آزمودہ تجربہ شدہ

[illegible]

گندم صاف، چار مغز، بادام شیریں، خشخاش — گندم و چار مغز کو علیحدہ علیحدہ شام کو
۱ سیر، ۳ تولہ، ۱۰ عدد، ۳ ماشہ — پانی میں بھگو دیں اگلے دن شام کو تھوڑا
پانی ڈالکر دودھ ہر ایک کا نکالا جاوے۔ پھر ہر دو دودھ کو اکٹھا کرکے پھر اس دودھ
گائے کا دودھ آدھ سیر ڈالکر آگ پر پکا دیں اور چمچہ ہلاتے رہیں جیسا گاڑھا ہو
جسوقت گائے کا گھی نصف چھٹانک ڈالکر پھر پکا دیں جب مثل حلوہ کے ہو جا
تو اتار لیں بس تیار ہے محفوظ رکھیں۔ خوراک رات کو سوتے وقت کھا دیں یہ ایک خوراک
ہے یہ ترکیب ہر آٹھ یوم ہر موسم میں کر لیا کریں اور ہر روز ترکیب بالا پر تیار کیا کریں

دیگر مقوی دماغ درجہ اول آزمودہ مجربہ

کدو و شلغم سبز، دودھ گائے — کدو شلغم کو دودھ میں پکا کر مثل مادہ کے کر لیا جاوے پھر
۳ عدد، سیر — گھی آدھ پاؤ ڈالکر اس مادہ کو بھونو جب مادہ گھی چھوڑ دے
تو ادویہ ذیل کو شامل کر لیا جاوے۔ زعفران اصلی، ورق نقرہ، ورق طلا، عرق بید مشک
۱ تولہ، یک دفتری، ۳ عدد، ۱۰ تولہ
زعفران اصلی کو حل کرکے مادہ میں ڈال دیا جاوے اور آگ پر رکھکر پانی کو عرق بید مشک خشک
کر لیا جاوے پھر مصری سفید دو سیر میں قوام بنا دیں جسوقت قوام مثل معجون کے ہو اتار کر
مغز پستہ مغز بادام پیسکر ملا دیا جاوے بس معجون تیار ہے خوراک دو تولہ روزانہ بوقت
نہار منہ آٹھ یوم تک پھر بعد میں چار تولہ روزانہ استعمال کریں۔
پرہیز ترش و گرم اشیاء سے

حبوب اکسیر نزلہ اکثر آزمودہ — نمبر ۱۴۲

جو ماٹل مقشر	ریوند خطائی	صمغ عربی	زنجبیل	چھالیا سوختہ	مغز اخروٹ
۱ تولہ	۹ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۲ عدد	۲ تولہ

خوب باریک کرکے حب بقدر فلفل تیار کریں خوراک ایک حب بوقت خفتن یا ضرورتاً ایک نمبر
نزلہ کیلئے اکسیر لاثانی ہے اور بارہا تجربہ میں مفید ثابت ہوئی ہیں

حبوب مسہل دافع قبض کثیر التجربہ آزمودہ

ایلوا	ریوند عصارہ	مصطگی رومی	سقمونیا
۱ تولہ	۱ تولہ	۶ ماشہ	۱ تولہ

کوٹ چھان کر حبوب بقدر دانہ نخود بنالیں
لیٹنے سے قطرہ قطرہ روغن گلاب ...

بوقت استعمال گرم پانی یا ... ہمراہ بوقت خفتن کھلانا مفید ہے
اگر دائمی قبض ہو یا بخار درد سر وغیرہ دیگر شکایات میں دیگر استعمال اکثر مفید ثابت ہوئی
خوراک جوان دو گولی ہے جاتی ہے خوراک بچہ ایک گولی ہے وقت نیز حسب موقع کم
بھی استعمال کرا سکتے ہیں اکثر آزمودہ مسکین ہے ... مفید ہے

جریان و سوزاک کیلئے عمدہ

سرمہ سفید	مرجان	مسکہ گاوی
۲ تولہ	۱ تولہ	۲۰ تولہ

مسکہ میں رکھ کر ... سیر میں آگ دیں کشتہ تیار ہو

پھر

آٹا جو بھیلی	آٹا موصلی سفید اول	الوچی خورد	مصری کشگری
۲ تولہ	۳ تولہ	۱ تولہ	۶ تولہ

ہمراہ کشتہ مذکورہ بالا شامل کرکے سفوف تیار کریں نہار منہ خوراک ۲ ماشہ بوقت خفتن ۳ ماشہ ہمراہ
آدھ سیر ... وقت عصر کے غیر انہار خفتن تناول کریں یا ...

وجع مفاصل

(مفاصل کا تجربہ شدہ علاج)

ہرمل - سورنجان - آک - اکرکرا - ہر نوبی - دانہ - کندر ... اسپستان ہم وزن
قریباً آدھ آدھ سیر سبز کو چھاؤں میں سکھا کر اور انکو جلا کر سکی راکھ کو جمع کرکے ایک گھڑی
مٹی والی میں تکو رکھیں آٹھ پہر کے بعد انکو راکھ کو ہاتھ سے ہلا دیا کریں کہ سب راکھ پانی میں حل ہو جائے
دھوپ میں بوتل تک گھڑا رکھیں بعدہ چھ پہر کے بعد اس پانی کو نتھار کر دیگچہ میں ڈالکر آگ کے ذریعہ
خشک کریں پس خشک شدہ جو ہر نمک کھار ... پس اس کو چھان کر ... ڈالکر نہار منہ
کھایا کریں خوراک ۱ رتی پرہیز گھی تیل بادی اشیاء سے بفضل تعالیٰ شفا کلیہ ہوگی

طلاء فرنگی و ملاذ تجربہ شدہ

سنکھیا	ریگ ماہی سیاہ	شہد	سہاگہ
۱ ماشہ	۱ ماشہ	۲ تولہ	۱ ماشہ

اول مسکہ کو گرم کریں پھر ریگ ماہی ڈالکر
جلا دیں جس وقت جل جاویں تو انکو دستہ آہنی سے باریک کریں پھر شہد ڈالیں اور
جوش دیں جس وقت کف ہو جاوے تو سہاگہ باریک کی چٹکی ڈالتے رہیں کف تمام سرد
ہوکر تیل صاف ہو جاویگا اتار کر ٹھنڈا کریں اور شیشی میں بند کریں بوقت ضرورت
سرو نازی آلت پر لیپ کر دیں اور مشغول ہو کر ... عمل سے فرنگی ... کی بجائے
لذت دکھائیگا میاں احمد یار خانصاحب کا مجرب ہے ... (ماخوذ)
صاحبزادہ

سرمہ برائے آشوب چشم آزمودہ

سرمہ سیاہ	جیوں مرچ	بوک السید	زنگب	لیمو ٹل	پھلہ جیر
اتولہ	ست پودینہ	ست سہاگہ	پھلہ چھوٹی	۳ ہر پارہ	

(ذات الجنب یعنی نمونیہ کا اکسیر علاج)

نمبر ۱

اگر مریض کو قبض کی شکایت ہو اور کھانسی کو درد ہو تو یہ جوشاندہ فوراً استعمال کریں

گلقند	عناب	لسوڑیاں	ملٹھی	زوفا	انجیر	ترنجبین
۲ تولہ	۵ دانہ	۵ دانہ	۵ ماشہ	۶ ماشہ	۵ عدد	۳ تولہ

جوشاندہ دیگچی میں تو یا حسب ضرورت کم و بیش مغز املتاس (گرم گرم) جوشاندہ میں ملائیں اور تھوڑی دیر بعد چھان کر روغن بادام ۶ ماشہ ملا کر پلائیں نہایت مفید چیز ہے

(عجیب الاثر ضماد مجرب موثر ذات الجنب)

نمبر ۲

یہ موثر نسخہ ہرگز ہرگز نہیں ملے گا کیونکہ اس کا ہلکا سا لیپ کرتے ہی درد سے تڑپتا ہوا مریض فوراً چین حاصل کر لیتا ہے ادھر دوا لیپ کیا ادھر درد بند ہوا آپ آزمائیں

انشاءاللہ خوش ہو جائیں گے کیونکہ بہترین نسخہ جات ہے

تخم یاشانی ۔ سنجی ایک سیر کو چار سیر پانی میں تین روز بھگوئیں اور

دن میں تین چار دفعہ کسی لکڑی وغیرہ سے ہلاتے رہیں پھر تین دن بعد پانی اوپر سے نتار لیں اور اس میں تخم الخار آٹھ تولہ خوب باریک پیس کر شامل کر کے کسی لوہے کے برتن میں ڈال کر ہلکی ہلکی آنچ پر پکائیں جب تمام پانی جل جاوے اور صرف سفید سفید نمک باقی رہ جاوے تو اتار لیں اور باریک پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں بوقت ضرورت ذرا سی دوا لیکر پانی ملا کر جائے درد پر ہلکا سا لیپ کر دیں انشاءاللہ فی الفور درد بند ہو جائے گا بارہا کا مجرب ہے

(معجز نما ٹکور لاثانی)

نمبر ۳

یہ ٹکور فی الفور اثر دکھانیوالی ہے اس سے بفضل خدا اسی وقت آرام ہو جاتا ہے اس نسخہ کی بدولت بیشمار جانیں بلب مریضوں کی جانیں بچی ہیں غرض کہ لاجواب نسخہ ہے جو بارہا کا مجرب المجرب ہے ہو الشافی۔ پھٹکڑی کچی، ہلدی، بھبھی کمادیک برابر وزن تمام کو خوب باریک پیس کر ملا لیں اور اس میں بقدر پانچ تولہ کڑوا تیل خوب ملا کر دو پوٹلی تیار کر لیں اور ذیل کی ترکیب سے ٹکور کرنا شروع کریں۔ لوہے کے توے کو خوب تیز آنگارہ پر رکھیں اور اوپر آک کا پتہ بڑا سا رکھ دیں جب توا گرم ہو جاوے یعنی پوٹلی پیتا ہو رکھی ہوئی گرم ہو تو ٹکور کرنا شروع کریں اور ایک پوٹلی سے ٹکور اور دوسری کو پتہ پر گرم کریں اسی طرح باری باری سے بلا وقفہ گرم کرتے اور ٹکور کرتے رہیں جب آک کا پتہ خشک ہو جاوے تو فوراً تازہ بدل دیا کریں یہی عمل تقریباً تین چار گھنٹہ تک جاری رکھیں تقریباً ۱۲۵ سو سوا سو روپے خرچ ہوں گے لہذا پہلے ہی پیچوں کو ٹکور دکھیں آزمائیں اور خلق خدا کو فائدہ پہنچائیں مفید۔۔۔

نسخہ خوردنی مجرب المجرب برائی نمونیا

اگر کسی طرح درد بند نہ ہوتا ہو تو دسکی ذرا ایک خوراک تو کھلا کر دیکھئے انشاء اللہ
فوراً درد بند ہو گا عجب نسخہ کا بیان ہے کہ مریض اس دوا کو کھاتے ہی ایسا محسوس کرتا
کہ گویا درد پر یہ دوا پلستر کی طرح لگ گئی ہے یہ دوا حکیم کیلئے مایہ ناز ہے

ہوالشافی = صدف خورد (چھوٹی سیپیاں) جسقدر درکار ہوں لیکر ایک کوزہ گلی میں رکھکر دو انگل اوپر
آک کا دودھ ڈالیں پھر کوزہ کو گلحکمت کرکے پندرہ سیر اوپلوں میں آنچ دیں اور
شگفتہ شدہ سیپیوں کو کھرل میں باریک پیسکر شیشی حفاظت سے رکھیں
خوراک چاول رتی کھانڈ میں ملا کر عرق سونف وغیرہ سے دیں۔

(خوردنی عام مجرب کتابی نسخہ نمبر ۵)

پارہ سینگا دودھ آک میں کشتہ کیا ہوا درد کیلئے اکثر مفید ہے تجربہ ہے
خوراک ایک رتی سے دو رتی شہد ایک تولہ ملا کر چٹائیں اس کی ایک خوراک
عام ادویہ کی دس خوراکوں کے برابر ہے۔ اگر معمولی تکلیف ہو تو دن میں دو
دیں اور اگر زیادہ تکلیف ہو تو تین تین گھنٹہ کے وقفہ سے دیا کریں۔

(نمبر ۶ ایضاً اکسیر الاثر)

ہوالشافی = سم الفار نیلہ۔ پھٹکڑی کا نیلہ ہر ایک کے تین حصہ کرلیں اور ایک ایک حصہ لیکر
(٣ تولہ، ٥ تولہ) میں کھرل کرلیں اور خشک کرکے سیر بھر اوپلوں کی آگ دیں پھر دوسرا تیسرا

دوا کا ڈالکر شیر مدار میں کھرل کرلیں اور میں پانچ کی آگ دیں علی ہذا شیر کی مرتبہ
آدھ سیر کی آگ دیں اور پیسکر رکھ لیں ازحد عمدہ چیز ہے = استعمال خوراک
آدھ چاول مکھن میں رکھکر کھلائیں اور مریض کو ایسی جگہ دھوپ میں بٹھائیں
جہاں دھوپ کے علاوہ ہوا بھی بخوبی لگتی ہو غضب کا مختصر نسخہ ہے

جادو اثر لیپ درد نمونیا پر

چونہ قلعی عمدہ لیکر شہد میں گھوٹ کر جائے درد پر لیپ کریں
بفضلہ تعالیٰ خشک ہوتے ہی درد بند ہو جاتا ہے بار کا تجربہ شدہ آسان
لیپ ہے

علامات صحت نمونیہ

مریض نمونیا کے پاؤں پر ورم ہو جانا اچھی علامت = اور دست ہو جانے بہتر ہیں
جب ورم پک کر پھوٹ جاتا ہے تو یکلخت سردی سے بخار ہو جاتا ہے درد آہستہ آہستہ
کم ہونا ورم کے تحلیل ہونیکی نشانی ہے

پرہیز

پیاس کی حالت میں مریض کو پانی ہرگز ہرگز نہ دیں بلکہ عرق سونف یا عرق گاؤزبان
نیم گرم کرکے تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں

غذا

صرف شوربہ مرغ۔ یا مونگ کی دال کا پانی جس میں مصالحہ ڈالے گئے ہوں یا مردہ غذا کیلئے ابلے
ابلے ہوئے انڈے کی زردی کو شہد میں ملا کر کے چٹائیں غذا کی غذا اور دوا کی دوا

حبوب لذت خاص

بکمال درجہ کی تفریح بخش ہے اسکے خارجی استعمال سے تماشہ آپ بھی دیکھ کر دیدنی
والی مثال صادق آتی ہے زیادہ تعریف خلاف تہذیب ہے خود تجربہ کر کے دیکھ لیں

عاقر قرحا	کباب چینی	گوند سہاگہ	مشک خالص =
ا ماشہ	ا ماشہ	ا ماشہ	½ رتی

سب ادویہ کو پرانی شراب میں تر رکھیں جب خشک ہو جاوے تو عرق گلاب شامل کر
گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں بوقت ضرورت لعاب دہن سے حل کر کے
بر قضیب لگا کر بعد خشک ہونے مشغول ہوں =

جریان کا شرطیہ علاج

مجرب معمول

ستاور عمدہ	کشتہ سنگجراحت	کھانڈ دیسی	عمدہ بیجان بیج	موصلی سفید، تخم اوٹنگن	بہمن سفید
۵ تولہ	۵ تولہ	۱½ تولہ	۲ تولہ	۱½ ا تولہ	ا تولہ

تمام کو باریک پیس کر ملا دیں اور کسی ڈبہ میں بھر کر محفوظ رکھیں = ورت کو سوتے
وقت ۹ ماشہ دوائی مذکور ایک پاؤ دودھ گاؤ نیم گرم سے پھانک لیں ایک ہفتہ ا
سے جریان اور اسکے پیدا ہونے والے تمام عوارض رفع ہو جاوینگے اور منی گاڑھی ہو جاویگی
دو وقت صبح شام استعمال کریں

۱۸۶ مولد و مغلظ منی و جریان :

لعلب مصری	موصلی سفید	تخم ریحان اصلی
۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ

پہلی دو ادویہ کو باریک کرکے اور تخم ریحان کو سالم ہی شامل کر کے یکجا کر لیں بس دوائی تیار ہے = ترکیب
دوائی مذکورہ چمچہ ۳ گائے کے خام دودھ میں گھول کر مدھم آنچ پر پکائیں اور چمچہ سے
ہلاتے رہیں تاکہ دوائی نیچے بیٹھ کر جل نہ جاوے جب گاڑھا قوام مانند فرنی ہو جاوے تو چولہے سے
اتار کر میٹھا ڈالیں اور پلیٹ چینی میں ڈال کر رات بھر ٹھنڈک میں رہنے دیں صبح نہار
منہ چمچہ سے کھائیں ۔ دن کو تیار کر کے ٹھنڈا کریں اور سوتے وقت کھائیں =

دیگر عمدہ مولد منی و مغلظ و دافع جریان

یہ ایک خوراک ہے

آزمودہ

لعلب مصری	موصلی سفید	الائچی خورد
ا تولہ ۵ ماشہ	۱۱ ماشہ	۷ عدد

ہر سہ ادویہ یکجان کر کے ایک سیر شیر گاؤ میں جوش دیں
جب تیسرا حصہ دودھ باقی رہ جاوے تو نشاستہ گندم پسا ہوا نصف ماشہ - مغز پستہ ۶ ماشہ
روغن کیوڑہ تین ماشہ ڈال کر حل کریں جب غلیظ ہو اتار کر ایک تشتری قلعی شدہ میں بطور فالودہ
بچھا کر رکھ دیں اگر بوقت ذائقہ تھوڑا میٹھا شامل کریں تو صبح نہار منہ کھا لیا کریں
یہی عمل ایک ہفتہ یا زیادہ کریں ضعف باہ مولد منی جریان وغیرہ کیلئے آزمودہ ہے

نسخہ بواسیر خونی

تخم ہموں اسبغول ملاکر صبح کو ایک گولی بوزن چار ماشہ پانی کیساتھ استعمال کریں بواسیر
٢٥ ١
انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا = بیاض

ترکیب ہڑتال ورقی

ہڑتال پیس کر ابرک کے ٹکڑے پر دھوڑیں اور اسکے اوپر دوسرا ٹکڑا ابرک کا رکھ کر
پھر رکھیں جب ایک طرف سے سرخ ہو جاوے تو دوسری طرف الٹا دیں اور سرخ کریں بس تیار ہے
محفوظ رکھیں خوراک ۲ سرخ شہد یا پانی کیساتھ – قے – اسہال – لقوہ – صرع – تشنج – زکام
نزلہ وغیرہ کیلئے معمول ہے بیاض خاص صفحہ ٩٠

٢٩

کشتہ ہڑتال گئودنتی

ہڑتال گئودنتی موافق حاجت لیکر اور برگ ببول کے ہموزن لغدہ میں دیکر گجپٹ کی آگ دیں
کشتہ تیار ہے جو وبائی اور دوسری بخاروں میں مجرب ہے = از رموز الاطباء

٣٠

کشتہ ابرک سیاہ – بنام اکسیر احمر

دو سرخ ہر روز کی مقدار اعضائے رئیسہ کو قوت بخشتا ہے رنگ چہرہ کا سرخ کرتا ہے ۱۰ خوب بڑھتی
ایک ۱۰ استعمال کرنے سے جمیع امراض دور ہوتے ہیں ابرک سیاہ آدھ پاؤ لیکر باریک کریں اور کپڑا میں
ڈالکر آب برگ بید انجیر سرخ سے کھرل کریں (پانی پھاڑ کر صاف کرلیا ہو) جتنے کے ایک سیر پانی
کرنا میں صرف ہو جاوے بعد خشک ہونے کے چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنالیں اور خشک کر
برگ بید انجیر میں ملفوف کر کے گل حکمت کریں پھر ۵ یا ۲ سیر اپلوں کی آگ دیں

کشتہ رنگ سرخ برآمد ہوگا اگر رنگ پھیکا سرخ ہو تو سمجھیں کہ آگ کم آئی ہے دوبارہ بھی
دسوں کی ۵ یا ۲ سیر آگ دیں مگر برگ بید انجیر میں ملفوف ضرور کرکے آگ دیں کھرل کرنے کی ضرورت نہیں اب رنگ
سرخ ہوگا خوراک ۲ رتی مجرب و مستند چیز ہے بارہا آزمودہ عام حکماء نے کیا مجرب پایا اور تعریف
لکھی دراصل اکسیر چیز ثابت ہوئی ہے ۲ رتی خوراک قوت باہ کیلئے موثر یا معجون فلاسفہ یا معجون [illegible] خشخاش
مومیائی بہمن یا تودری کے ہمراہ دیا از حد فائدہ پایا – بانی حسب مزاج ہر بیماری میں استعمال کریں = رموز الاطباء

حب الغراب یعنی کچلہ کا مستند آزمودہ بارہا

یہ نسخہ مجموعہ کبیر صفحہ ٢٠٣ پر ملاحظہ فرمائیں [illegible]

ہمیں کئی آزمایا ہے بڑا لقوہ فالج کیلئے اکسیر خاصیت ہے علاوہ ریگ – درد کمر و گردہ اور استعمال کو مضبوط
کرتا ہے اگر کسی سبب سے قوت جسمانی کم ہوگئی ہو اسکے استعمال سے جوانی سے بڑھ کر طاقت پیدا ہو جاتی ہے
چند روز کے استعمال سے ہر قسم کا نقصان جو اعضائے میں پیدا ہو گیا ہو رفع ہو جاتا ہے اور اگر عمر رسیدہ
شخص ہمیشہ کھاوے – ایک رات بھی بغیر صحبت صبر نہ کرسکے مگر رات کو سونے سے پہلے کھاوے پھر اوپر
اسکے کچھ نہ کھاویں = چیز

تخم کچلہ پاؤ بھر لیکر ایک ہفتہ شیر تازہ گاؤ میں بھگو دیں ہر روز شیر تازہ بدل دیا کریں بعد سات روز کے کچلا
کا پوست دور کریں اور دیگ میں دس سیر دودھ ڈالکر کچلہ کو پوٹلی میں باندھ کر لٹکا دیں نیچے نرم آگ
آنچ جلایا کریں جب دودھ جذب ہو جاوے کچلوں کو آب گرم سے دھوکر خشک کریں پھر باریک خوب پیس لیں
بعدہ ادویہ ذیل جو تمام ہموزن کچلو کے ہوں سفوف کر لیں میں فلفل سفید – فلفل سیاہ – دارچینی – زنجبیل
چوب چینی – کباب چینی – جوزبوا – مصطگی رومی – عود بلسان – زعفران – قرنفل – عود ہندی – سعد کوفی
اکلیل الملک – سنبل الطیب – الائچی خورد – اجوائن – [illegible] – عقرقرحا – تودری سرخ سفید – موصلی سفید
طباشیر – گاؤ زبان – ورق طلا – ورق نقرہ [illegible] شہد خالص [illegible] چند ادویہ کچلہ [illegible] شہد میں ملادیں
اسکے بعد سب ادویہ بغیر زعفران و مصطگی و عود بلسان کے شامل کریں اور ان [illegible] ادویہ کو آخیر میں معہ ورق ڈال کے
محفوظ رکھیں خوراک [illegible]

کحل مشکی مقوی و مجلی البصر

اس سرمہ لگانے سے عینک لگانے کی نوبت نہ آئیگی میں عرق بادیان - عرق گلاب - سرمہ سیاہ

۱۰ تولہ ۱ پاؤ تولہ

مرجان قرمزی - ڈندرولی سطح صدف مروارید - ورق نقرہ - ورق طلا - جست بریان کباب

۱ ماشہ ۱ ماشہ ۷ عدد ۳ عدد ۲ رتی ۲ تولہ

مشک خالص - کافور معصوم - عطر زعفران (+) عرقوں میں سرمہ کھرل کرکے پھر دیگر ادویہ ملاکر

۱ رتی ۱ رتی یک قطرہ

آخر میں اور عطر و مشک قدرے عرق گلاب کیساتھ پیسکر ملادیں اور خوب باریک پیسکر شیشی میں محفوظ رکھیں اور چاندی کی سلائی سے لگایا کریں بہت مستند نسخہ ہے آنکھ کی ہر بیماری کو یقینی فائدہ دیتا اکثر آزمودہ نسخہ ہے = ترکیب کافور = کافور - کباب - فلفل سیاہ - جیبلہ مول - ہلدی - دارفلفل

۲ تولہ

ہر ایک تولہ - زعفران - ماشہ سب کو ایک روز گلاب میں کھرل کرکے خشک ہوسکے تو تھالی میں رکھ

۳ ماشہ ۳ ماشہ

دیکر اسپر پیالہ چینی معکوس دیکر اسکے کنارے آرد گندم سے بند کرکے تھالی کے نیچے چراغ کی لو ایک پہر تک آگ دیکر اڑا ہوا کافور پیالہ میں نکال لیں اور نسخہ میں کام لاویں اور یہ کافور دیگر کاموں میں بھی آسکتا ہے کما ہو ظاہر علی المجربین = از رموز الاطباء

جادو اثر لیپ ... آزمودہ ... ادویہ

جادو اثر فائدہ میں بے نظیر سر درد - دانت درد - داڑھ درد کیلئے شب و روز کا تجربہ ہے فوری آرام دیتی
[illegible] ہمیشہ کیلئے صحت یاب ہو جاتا ہے مستند سریع الاثر بے خطا [illegible] دفعہ کا تجربہ شدہ نسخہ
[illegible]
نوشادر - کافور [illegible] کو باریک پیسکر نسوار بنالیں اور
۱ تولہ [illegible]

حب قوت باہ و امساک

ہر مرد کہ بخورد این حب قوت باہ و امساک بسیار کند و ہرگز ماندہ نشود و از لذت جماع ماندگی کہ حاصل شدہ باشد دور نماید و تجربہ اکثر آمدہ است - بگیرند - سپند سوختنی - نصف آنرا بریان کنند و نصف خام بدارند - پوست خشخاش - گشنیز سیاہ - قند سیاہ کہنہ

۵ درم ۲ درم ۲ درم بست درم ۵ تولہ

ہر سہ دوا را بکوبند پس با قند کہنہ بکوبند تا آنکہ یکذات گردد۔ پس ہفت حصہ نمودہ بوقت مجامعت یک حصہ بخورند و نفع عظیم مشاہدہ نماید مجرب از اکسیر الاثر است

کشتہ نقرہ مقوی اعضائے رئیسہ

تقویت اعضائے رئیسہ کیلئے نہایت مفید ہے بدن کو مضبوط اور رنگ سرخ بنا دیتا ہے سرعت اور رقت کیلئے بھی سود مند ہے بنانے میں آسان فائدہ قوی الاثر ہے ورق چاندی بقدر ضرورت لیکر پانی میں بھگو دیں ایک دن رات کے بعد یہ پانی لیکر روپیہ کو آگ میں سرخ کرکے اکیس مرتبہ اس پانی میں بجھاویں اسکے بعد دو دہی بوٹی کے پانی میں کپڑا بھگو کر روپیہ کے اوپر لپیٹ دیں اور اس بوٹی کا پانی و پتے لگدہ بنا کر ملفوف کریں اسکے اوپر پانچ گرہ موٹا کپڑا لپیٹ کر ایک گڑھے میں جو طول عرض عمق آدھ آدھ گز ہو اوپلے بھر کر درمیان میں روپیہ مذکورہ رکھ دیں اسکے اوپر ایک مٹی کا تغار جو تمام گڑھے پر آجاوے اور اسکے [illegible] میں سوراخ رکھدیں تاکہ اس سوراخ سے دھواں نکلتا رہے آگ لگانے سے [illegible]

شورہ قلمی	کتھہ	الائچی خورد	گل سرخ	کافور	توتیا سبز بریان
۲ ماشہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ	۱ ماشہ	۶ رتی

سب کو باریک کر کے منہ میں ملیں فی صدی کامیاب مفید نسخہ ہے قلاع مزمن میں بہت ہی مفید ہے
یہ سفوف ایسے وقت بھی استعمال کیا گیا ہے جبکہ حکیم اور ڈاکٹر لاعلاج کر چکے تھے

عا/۱ حب مدر حیض پانچ نمبر

اور درد حیض خوب لاتی ہیں بند حیض کو کھولتی ہیں معمول مطب خاص میں ہیں

صبر سقوطری ۲ تولہ، ہیرا کسیس ۳ تولہ، زعفران ۶ ماشہ، پانی میں کھرل کر کے ایسی گولیاں بنائیں بقدر نخود

ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام کو پانی تازہ سے دیں چار پانچ روز تک استعمال کریں مجرب ہیں
اگر گرمی بہت ہو تو دہی کا پانی استعمال کریں یہ گولیاں حیض لانے کیلئے اکسیر ہیں

عا/۲

احتباس طمث

یہ دوا اکثر تجربہ ہوئی ہے اس سے مدتوں کا حیض البتہ کھلتی ہے ... سات تولہ آدھ سیر پانی
میں جوش دیں جب آدھا پاؤ رہ جاوے تو تھوڑی مصری ڈال کر پلا دیں تین دن تک پلانے سے
بفضلہ تعالیٰ جاری ہو جاوے گا۔ اگر گرمی سے تپ ہو جاوے تو اندیشہ نہ کریں خون کی کمی
کے بعد اگر ضرورت سمجھیں تو تبرید کا استعمال کریں آزمودہ اکثر ہے

درد شدید ہے جو فم معدہ پر عارض ہوتا ہے اور اسکے ہمراہ سخت غشی اور ہاتھ پاؤں کا
سرد ہو جانا اور بیقراری ہوتی ہے یہ مرض نہایت سخت ہے اکثر ہلاک کر دیتی ہے
اگر منہ سوکھتا اور پیاس سخت ہے اور ڈکار دخانی آتے ہیں اور فم معدہ پر سرد چیز رکھنے
اور سرد چیز کے کھانے سے آرام ہوتا ہے تو یہ درد حرارت سے ہوگا - اور اگر باوجود ان
علامتوں کے زردی زبان کی اور تلخی دہان کی ہو تو مادہ صفراوی ہوگا = اور اگر آثار
بلغم کے ہوں اور چہرہ اُبھرا ہوا اور قے بلغمی آتی ہو تو مادہ بلغمی ہوگا = اور اگر ڈکاروں کے
آنے اور ریح کے نکلنے سے آرام ہوتا ہے اور درد کبھی شدت کرتا ہو اور کبھی ٹھہر جاتا ہو تو یہ
مرض ریح سے ہوگا مناسب غور کر کے علاج کریں =

علاج

اور اسرار دفعیہ
اگر حرارت سے ہو تو یوں علاج کریں تبدیل مزاج کے بعد فم معدہ کی تقویت کریں شیرہ زرشک اور عرق
عرق گاؤزبان میں ملا کر سکنجبین یا شربت لیموں داخل کر کے پلا دیں - اور لسی برف میں سرد کر کے
پلانا مفید ہے - اسپغول گلاب میں دھو کر پلانا نافع ہے اور تخم بالنگا کا کھانا مفید ہے =
اگر مادہ صفراوی ہو تو فصد باسلیق کر کے تبرید مذکورہ پلا دیں تمر ہندی و آلو بخارا دے کر پلا دیں
اور صندل سفید و گلسرخ مع طباشیر و سماق کے گلاب اور اسپغول میں گھس کر فم معدہ پر لیپ کریں
اور جو کے ستو آب انار میں گھول کر پلانا بہت مفید ہیں الغرض مادہ کا تنقیہ قے و اسہال سے
کر کے تقویت معدہ کی شربت سیب یا شربت بہی کریں اور غذا میں اکثر انار دانہ و زرشک
کا استعمال کریں =

اگر وجع الفواد بلغمی ہو تو مریض کے ہاتھ اور پاؤں زور سے محکم باندھیں اور دونوں
پیر اور شانوں کے درمیان سینگی لگادیں جب ہوش میں آئے تو بلغم کے مقئیات سے قے
الغرض تنقیہ کے بعد فم معدہ کی تقویت کریں جو موافق مادہ بلغمی کے ہو اور ریح نکالنے کو
نمک سلیمانی ۱ ماشہ دیں اور یہ نسخہ دیں غاریقون - مصطگی - گلقند کھاکر اوپر سے

۳ ماشہ ۲ ماشہ ۲ تولہ
قرنفل - ھیل - گلاب - گلقند - شربت دینار پلادیں اور دو تین اُبال کے بعد
۱ تولہ ۲ ماشہ ۱ پاؤ ۲ تولہ ۳ تولہ

مرغ کا شوربہ روغنی سونٹھ کے کھلادیں اور بجائے پانی کے عرق بادیان اور عرق گلاب پیا کریں

وجع الفواد ریحی: جو برودت سے ہو یہ معجون مجرب ہے اور نہایت مقوی معدہ
گلسرخ فلفل زنجبیل دارفلفل زرونبد طویل دارچینی اسارون ہر ایک دو جز
مصطگی زرنباد پودینہ زیتون ہر ایک ایک جز جندبیدستر نیم جز بادیان کے
ایک وزن شہد اور ایک وزن شیرہ گلقند میں معجون تیار کریں خوراک ۲ مثقال

یہ نسخہ ہر قسم کے وجع الفواد میں آزمودہ ہے (اسرار و حکمت مجرب)

یہ نسخہ مجرب ہے جو اسرار الحاذقین میں شمار کیا جاتا ہے جس کے استعمال سے سینکڑوں بیمار
وجع الفواد کے شفایاب ہوئے ہیں اس کے برابر سریع التاثیر نسخہ دنیا بھر میں کوئی
کم ہوگا۔ پانچ سیر اونٹنی کا دودھ لیکر مٹی کے نئے برتن میں جس کو پہلے آٹھ پہر پانی
میں رکھ چکے ہوں اسمیں دودھ ڈالکر آگ پر چڑھاویں اور آٹھ تولہ نمک شیشہ لاہوری
باریک کرکے داخل کریں اور نہایت نرم نرم آنچ سے پکاتے رہیں اور کسی لکڑی سے حرکت دیتے
رہیں کہ اسکی جھاگ تہ نشین رہے اگر کسی اور طرف ذرہ دھیان ہوا تو دودھ جوش میں
آکر باہر گر جائیگا بڑے خیال سے پکاویں جب لیٹی کی طرح ہو جاوے تو زعفران خالص
تین ماشہ جسکو پہلے دودھ مذکور میں رگڑ لیا ہو ملا کر پکاویں لیکن اب آنچ بہت ہی کم
کردیں کہ اسوقت جلنے کا خوف ہے جب کھوا زرد رنگ بنجاوے لیکن کسی قدر نرم
ہو تو اتار لیں کہ پھر خود بخود جم جائیگا تیسرے روز تک خشک کرکے باریک کرلیں خوراک
ایک ماشہ ہمراہ آب سرد کے پلادیں پرانی بیماری کیلئے ہفتہ عشرہ تک دینا پڑتا ہے
اور نئی بیماری میں ایک دو دن میں انشاءاللہ تعالیٰ آرام ہو جاتا ہے غذا نہایت سریع الہضم
اور کم مقدار دینا چاہئے مثلاً بیضہ نیم برشت یا شوربا مرغ و بٹیر یا پرندوں کا گوشت
اور بادی و ثقیل غذاؤں سے پرہیز کریں۔ حاملہ عورت کو یہ دوا بقدر دو رتی دینا چاہئے
(اس دوا کو بوتل میں محفوظ رکھیں تو دو سال تک خراب نہیں ہوتی مرطوب ہوا خراب کردیتی ہے)

اسہال کہنہ خونی (از کتاب اسرار الحاذقین)

اسہال خونی کیلئے یہ سفوف فوری علاج ہے اس سے پرانے دست خونی دور ہو جاتے ہیں اجزاء یہ ہیں
رسونت اتیس پوست کر اچھال اندر جو گل دھاوے زنجبیل مساوی لیکر
سفوف کریں اور ہمراہ دہی یا مربے بہی کے کھلا دیں خوراک ایک درم ۔

دیگر

ایک ڈیوی جو لقوہ دیکھنے دینوں ہر روز کھایا کرتا تھا اسکو خونی دست جاری ہوئے اور ظاہر کرتا تھا کہ
دست کیسی دوا کو نہیں مانتے اچھے طبیبوں نے جواب دیدیا کہ بس اب یہ اسہال بند نہیں ہو سکے
آخر ایک وید پنڈت نے علاج کیا جس سے اس کو آرام ہو گیا وہ ادویہ یہ ہیں
کھڑیا مٹی سفید کلپا تیر مصری خرفہ نیم بریان کے شیرہ میں شربت کر کے تھوڑے تھوڑے
ا تولہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ
ملا کر مریض کو دیتا تھا اور غذا ۱۲ تولہ چاول اور ۳ تولہ دال مسور وزن کر کے پکا کر کھلاتا تھا
دو وقت دن میں اسی قدر خوراک سے زیادہ نہ دیتا تھا اور یہ مطبوخ ایک وقت پلاتا تھا ۔ مطبوخ یہ ہے
بالچھڑ ۔ لجالو ۔ کمل ڈوڈو ۔ کالا کورہ ۔ زنجبیل ۔ بالہ سفید ۔ بالم سیاہ مساوی نیم کوب کر کے پانی میں
جوش کر کے پلاتا تھا جو بفضلہ تعالیٰ آرام ہو گیا ہے (از اسرار الحاذقین)

حب بواسیر عمدہ از رسورہ اکثر

معمول : مجرب قبض دائمی کے دور کرنے اور ہر قسم کے بواسیر کا ریاح کو زائل کرنے میں عجیب التاثیر
ریاح معدہ اور مراقیہ کیلئے نافع ہے اور علاوہ اس کے خونی بواسیر کیلئے بھی بہت مفید ہے
پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ ۲ تولہ ہر ایک ۲ مثقال ۔ بادیان ۔ رسونت
انیسوں ہر ایک ایک مثقال ۔ مقل ازرق تخم گندنا ہر ایک آدھ مثقال ۔ شہد ۔ خیار شنبر
ہر ایک مثقال = ہلیلہ جات کو کوٹ کر روغن بادام میں چرب کریں اور دوسری دواؤں کو علیحدہ
کوٹیں اور مقل کو گندنا کے پانی میں گھول کر اور خیار شنبر کو اس میں حل کریں پھر دوسری دوائیں
ملا کر گولیاں بنا رکھیں خوراک ۳ ماشہ سے ایک تولہ تک کھلاتے رہیں انشاءاللہ بہت فائدہ
ہو گا آزمائش کر کے دیکھ لیں ۔ از کتاب اسرار الحاذقین

علاج

سوزاک

پہلے مدرات قوی پلا دیں ۔ کباب چینی ۔ دار چینی ۔ دانہ الائچی سفید ۔ ہر ایک ۳ ماشہ شورہ قلمی ۲ ماشہ
مصری ۲ تولہ باریک کر کے ایک پاؤ شیر گاؤ گرم جوشیدہ میں حل کر کے پلا دیں اور اس کے بعد کیوڑا
شیر گاؤ مذکورہ ترکیب کی لسی کئی دفعہ کر کے پلا دیں پیشاب کھل کر آ جائیگا اور مادہ خارج ہو گا
اس روز غذا شیر برنج بغیر شکر کے کھلائیں اسکے بعد سات روز تک دانہ الائچی سفید ۔ سنگ جراحت
باریک کر کے ۱ ماشہ پھکی بنا دیں ہر روز صبح شام تھوڑے ہمراہ آب سرد کے استعمال کرائیں سات دن میں
انشاءاللہ آرام ہو گا بلکہ مرض کا بھی ... صحت کامل نمودار ہو گی ۔ تیز مرچ ۔ ترشی ۔ شیرینی اور گوشت
سے پرہیز کریں = آگے نسخہ مجرب درج ہے

کشتہ تانبہ آسان طریق

نوشادر کیلئے نہایت مجرب اور اسرار مخفیہ سے ہے = تانبہ کے پترے نہایت باریک کرکے ایک پاؤ آفتیموں کے لغدہ میں رکھکر گلحکمت کریں اور ۲۲ مار اوپلو نکی آگ دیں بعد سرد ہونے کے نکالیں سفید چاندی کیطرح ہوگا پیسکر رکھیں خوراک ۱ چاول مکھن میں کھلائیں

طحال کا مجرب علاج

بنام دوائے ہندی

دیدک طبیوں کا نسخہ بہترہ طحال اور صلابت طحال اور استسقاء و جمیع امراض باردہ معدہ کیلئے نہایت مجرب اور تیر بہدف ہے = ہینگ ۱۰ درم - نمک سنگ - سوہاگہ - زرد چوب - اشخار دار ہلد - نمک سیاہ - جو کہار ہر ایک ۲ درم = اک کے پتے جو زرد ہوکر خود بخود گر جاتے ہیں ۱۰۰ عدد پتوں دونوں کو باریک کرکے روغن شرشف ۱۰ درم اور اک کا دودھ ۲ درم ملاکر ان کو پتوں پر دونوں طرف لیپ کریں اور مٹی کی دیگ میں تہ بتہ رکھکر دیگ کا سر خمیر سے بند کریں اور تمام دیگ کو گل حکمت کرکے خشک کرلیویں اور جنگلی اوپلوں میں آگ دیویں جب سرد ہوجاوے تو نکالکر اجزاء خاکستر شدہ سے ہر روز ایک چٹکی ورت کیوقت ٹھنڈے پانی کے ہمراہ کھایا کریں ترشی اور ترش چیزوں اور چرب چیزوں سے پرہیز کریں اور مچھلی کہانا بالکل منع ہے

سوزاک کیلئے مجربات کاملہ سے ایک نسخہ ذیل ہے

سرمہ سفید کو آب چکیدہ دہی میں کھرل کرکے ٹکیہ بنادیں اور گلی کلیہ میں ایک درم

گلحکمت کرکے اوپلونکی آگ دیں کشتہ ہوگا - اس کشتہ سے ایک رتی لیکر مصری کا اور دانہ الائچی خورد ملاکر نہار منہ لسی کیساتھ دیا کریں غذا دال وخشکہ

حبوب دافع سوزاک تیر بہدف ---

جو ہزاروں آدمی پر تجربہ کئے گئے ہیں مگر قیمتی ہیں - از اسرار الحاذقین

دانہ الوکی	کچلا نیر	مست کلمو	مست لوبان	مشک خالص	روغن بلادر نورہ	شیر کی چربی
۲ ماشہ	۲ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۲ ماشہ	۱ تولہ

کشتہ قلعی سرد	ورق طلا	ورق نقرہ
۱ تولہ	۱ ماشہ	۱ ماشہ

سب کو ملاکر بقدر نخود گولیاں بنادیں ایک گولی صبح و ایک شام کو دیا کریں =

دیگر

نسخہ تیر بہدف جو تجربہ مصنف اسرار الحاذقین کا ہے = ریوند چینی، جو کہار، شورہ قلمی

شورہ قلمی	جو کہار	ریوند چینی
۱۰ درم	۲ درم	۶ درم

شکر سفید سب کے برابر خوراک ۳ مثقال ہمراہ لسی کے دیویں مثانہ سے پیپ آویگی اور قرحہ صاف ہو جاویگا =

برائی آتشک آزمودہ

یہ نسخہ عظیم الشان جو کم خرچ بالا نشین کا مصداق ہے

رسکپور کتھہ گندھک آملہ سار ہر ایک دو تولہ تینوں کو جدا جدا باریک کرکے پانچ لیموں کے رس میں کھرل کریں جب خشک ہو جاوے تو ایک دن گھیکوار کے پانی میں کھرل کریں پھر برابر گندم دانہ کی گولیاں بنا دیں ایک گولی ہمراہ مکھن یا ملائی کے کھایا کریں انشاءاللہ تین روز تک بہت فائدہ نمودار ہوگا ورنہ پانچ روز یا ہفتہ تک تو بالکل خدا کے فضل سے مرض زائل ہو جائیگا (از کتاب فیض عام فی شفاء الاسقام)

ہر مرض کا شافی علاج مستند آسان

از کتاب بالا مجربہ مصنف

یہ نسخہ عجیب و غریب ہے جو تمام جہان کی کتابوں میں تلاش کرنے سے نہیں ملتا اور نہ کسی طبیب نے اسکو تجربہ کیا ایک اتفاقی تجربہ سے ہمارے ایک دوست کو حاصل ہوا وہ یہ کہ ایک دیسی مرغ ذبح کیا گیا جسنے زہریلا سانپ یا ایک سنکھو گرنڈہ کھایا ہوا تھا چونکہ اس کے حوصلہ سے سانپ نکلا اسلئے اس مرغ کو کھانے سے پرہیز کیا اتفاقاً ایک برص کے بیمار نے اسکو پکا کر کھایا جب کھا چکا تو اسکو سخت قے شروع ہوئی قے کیساتھ بلغمی مواد نہایت غلیظ نکلی جس سے وہ مریض بالکل شفایاب ہو گیا ہم کو یہ نسخہ پسند آیا اور ایک دو دفعہ تجربہ کیا گیا مانند تیر بہدف نکلا اسلئے ہم دعوےٰ کرتے ہیں کہ دنیا بھر میں اسکے برابر کوئی دوا یقیناً نہ ہوگی = ہمارا تجربہ اس طرح سے ہے کہ ایک گرنڈہ زندہ کو ٹکڑے کرکے مرغ اصیل کو کھلا دیں جب وہ ہضم کر چکے تو اسکو ذبح کریں اور خوب گرم مصالحہ ڈالکر بیمار کو کھلا دیں بعض کو زور سے قے آتی ہے بعضوں کو معمولی مگر فائدہ ہر طرح ہو جاتا ہے لیکن مناسب ہے کہ بیمار کو اس دوا کی خبر نہ ہو کہ وہ اچھی طرح سیر ہو کر کھا

شربت یا جوشاندہ بند حیض آزمودہ

یہ شربت واسطے بندش حیض کیلئے کتاب فیض عام کے مصنف کا آزمودہ اکثر ہے

تخم گرفس ۲ مثقال ۱/۲ ماشہ – تخم میتھی ۲ مثقال – تخم خیارین ۲ مثقال – سونف ۲ ماشہ – اجوائن ۲ ماشہ – سویا ۲ ماشہ – مجیٹھ ہر ایک دو مثقال سب کو جوش کر کے ۴۰ مثقال قند سفید داخل کریں اور شربت بنا دیں اور سات روز تک استعمال کریں انشاءاللہ حیض حسب معمول آیا کریگا اور اگر حیض اس طمث کے سبب سے دردِ رحم ہو تو ان دواؤں کا جوشاندہ بنا کر استعمال کریں مجرب ہے ==

کثرت حیض کا بند کرنا

تجربہ ہے کہ سنگجراحت ۳ تولہ – گوند ڈھاک ایک تولہ – مائیں خورد ۲ ماشہ – مصری ہر ایک برابر ۲ ماشہ صبح اور ۲ ماشہ شام ہمراہ ایک پاؤ شیر گاؤ کے کھایا کریں مجرب ہے =

نسخہ امراض سل مجربہ شربت

یہ شربت سل کیلئے اسرار الحکمت اور مجربات کا ملیں سے ہے = تخم خطمی – تخم خبازی – نیلوفر – بنفشہ – بہیدانہ ہر ایک ایک تولہ – لسوڑیاں ۳۰ دانہ – عناب ۱۰ دانہ – خشخاش ۹ ماشہ = کو نیم کوفتہ کر کے رات کو [illegible] پانی میں بھگو دیں اور ڈیڑھ پاؤ مصری ملا کر آگ سے اتار لیں لعوق سپستاں – گل بنفشہ – کتیرا ہر ایک چار ماشہ باریک سفوف کر کے ڈال لیں شربت تیار ہے جب پینے کا ارادہ کریں تو اس میں ۲ ماشہ مجموعہ جگر ماہی شامل کر کے پیا کریں آزمودہ ہے =

طلاء آزمودہ شدہ مجرب خود

ضماد سستی عضو وکجی آلہ و سردی انثیین و نزاری قضیب کیلئے ایک اکسیر کثیر النفع ثابت ہوا ہے نہایت تیر بہدف قابل تعریف ہے۔ ھو

روغن ...	بیر بہوٹی	مالکنگنی	شنگرف	مازو	جائفل	جلوتری
۵ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۳ ماشہ	۴ ماشہ	۱ تولہ	۱ تولہ

میں کھرل کر کے تیار کریں جتنے میں ضماد تیار ہو جاوے۔ پہلے آلہ تناسل کو نسوار نمک سے گھسکر اوپر سے یہ ضماد قدرے لعاب دہن میں حل کر کے لگا دیں چار دن تک استعمال کر کے چھوڑ دیں ہفتہ کے بعد پھر استعمال کریں نہایت عجیب منافع ظاہر ہونگے مجرب خود

۱۹۶

جوارش آملہ نہایت مفید مجرب شدہ

یہ جوارش مقوی معدہ و دل ہے بھوک خوب لاتی ہے اور جگر کی حرارت کو تسکین دیتی ہے۔ اسہال مراری کو نافع ہے لیکن معدہ کی خوب اصلاح کرتی ہے۔

آملہ منقی ... | طباشیر عمدہ | صندل سفید اصل | پوست سماق | زرشک بیدانہ

۵ تولہ | ۶ ماشہ | ۶ ماشہ | ۶ ماشہ | ۶ ماشہ | ۶ ماشہ

گلسرخ بیجارہ | بادرنجبویہ | پوست بیرون پستہ | کشنیز مقشر | تخم خرفہ

۶ ماشہ | ۶ ماشہ | ۶ ماشہ | ۱ تولہ | ۱ تولہ

دانہ الائچی خورد | صدف صادق مصفیٰ سوختہ | ورق نقرہ | دو چند | مصری سفید +

۶ ماشہ | ۶ ماشہ | ۲۵ عدد | شکر چند ... ۷ چھٹانک

جوارش تیار کریں خوراک ۶ ماشہ

کشتہ ہڑتال گئودنتی

یہ کشتہ ایک اسرار مخفیہ سے ہے۔ خون منہ سے آتا ہو یا قے کے ذریعے یا دماغ سے یا پھیپھڑے کے راستہ یا امعاء سے یا حیض سے یا بواسیر سے غرض کہ جہاں سے آتا ہو ضیق الصدر روکتا ہے اور ضیق النفس میں جس بیمار کو گرم چیزیں موافق نہ آتی ہوں اور تپ میں اگر مسہل دیا گیا ہو یا مادہ قلیل ہو تو شربت بنفشہ و نیلوفر کے ہمراہ دینا عجیب تاثیر دکھاتا ہے اور ضیق النفس میں قطعی اکسیر کا فائدہ رکھتا ہے۔ ھو ہڑتال گئودنتی عمدہ قسم جو ابرق کی طرح چمکتی ہو ۲ تولہ کو برگ نیم کے پانی میں کھرل کریں جب خشک ہو جاوے تو ٹکیہ خشک کر کے ایک پاؤ برگ نیم نغدہ میں رکھکر مٹی کی کلیہ میں بند کر کے ڈیڑھ سیر اوپلوں کی آگ دیویں جب سرد ہو جاوے نکال کر رکھیں ایک خوراک ہمراہ شربت نیلوفر کے دیں اور نزول الدم کیلئے۔ طباشیر چھلکا اسبغول و تخم ... برابر ملا کر اسمیں چار رتی یہ کشتہ رکھکر ... ہمراہ شربت انار ... آرام ہوگا اور ضیق النفس گرم کیلئے مکھن میں کھلا دیں یہ کشتہ آزمودہ بارہا کا ہے۔

کشتہ سنگ یہود عمدہ

سنگ یہود ۲ تولہ کو آب ... میں کھرل کریں پھر خشک کر کے ٹکیہ بنا کر نغدہ میں ملفوف کر کے ڈش بند ... سیر کی آگ دیں خوراک ۲ رتی۔ تجربہ کر کے دیکھ لیں

برائے سنگ گردہ کیلئے اکسیر ہے کیسی قسم کا درد گردہ ہو آزما کر دیکھیں

آگے نمبر ۲ کے دیکھیں — (بتی مخلوق) — ۹۰

یہ نہایت ہی مجرب اور تیر بہدف نسخہ ہے انشاء اللہ تین ۳ یوم روز میں فائدہ ہوگا یہ قلیل نسخہ خاص مجربات سے ہے۔

تعریف مرض خاص

اگر عضو ٹیڑھا یا کہیں سے پتلا ہوگیا ہو تو اس کے لئے یہ بتی نہایت ہی عمدہ ہے عقرقرحا باریک پیس کر رکھیں اور سفید پیاز کے عرق سے خمیر کر کے باریک بتی اوپر کچا سوت لپیٹ دیں رات کو لگائیں صبح کھول کر ۱۵ منٹ کے وقفہ سے دوسری لگائیں اسی طرح ہر روز کیا کریں یعنی ایک بتی رات کو لگایا کریں اور صبح کھول دیا کریں ۳ یوم میں کلی آرام ہو جائیگا خون سب جگہ یکساں پھر کر ہموار ہو جائیگا مجرب ہے

تریاق صداع یعنی اکسیر درد سر

اس اکسیر صفت نسخہ سے سینکڑوں بندگان خدا نے نفع حاصل کیا ہے مثلاً وجع مفاصل اور صداع شقیقہ - عصبی - مفاصلی - ریاحی - نزلی وغیرہ کیلئے ایک بہترین تحفہ ہے مناسب بدرقات کے ساتھ دیا جاتا ہے سردی کے دردوں کیلئے اور تھکے ہوئے دماغ کیلئے مجرب کا درجہ ہے = ستوداسیلی سالسس - اسپرین - سورنجان شیریں - دارالامان

اجزاء

جوز تاشتی ... ۲ تولہ — قند سفید ۳ تولہ — سنگ سماق بلینہ کرکے ۳ تولہ

سفوف بنائیں خوراک دو ماشہ تین یوم تک تازہ پانی کے ساتھ

پارہ جگر ...

الفادنیہ ادھیا گندھک آملہ سار مستل ہرتال ورقی شنگرف رومی ہر ایک ایک تولہ تمام ادویہ کو ہاون دستہ میں کوٹ کر یکجان بنالیں اسکی برابر برابر وزن کی دس پڑیاں تیار کریں بعدہٗ برادہ طلایا ورق طلا ۳ ماشہ لیکر کھرل میں ڈالکر انمیں ایک پڑیہ شامل کرکے عمدہ طریقہ سے کھرل کریں - آسگندھ ناگوری ایک تولہ لیکر کسی برتن میں جو کوب کرکے دو تولہ پانی میں ڈالکر بھگو دیں صبح کو مل چھان کر یہ پانی تھوڑا تھوڑا ڈالیں اور کھرل کرتا رہیں جب یہ پانی ختم ہوجاوے تو ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں بند کرکے اچھی طرح گل حکمت کرکے پانچ اپلوں اوپلوں کی درمیان رکھ کر آگ دیں اسی طریقہ سے تمام پڑیہ باری باری سے ختم کریں اور ہر مرتبہ تھوڑی تھوڑی آگ کا اضافہ کرتے رہیں دوران تیاری میں کشتہ کئی رنگ بدلیگا آخر مرتبہ خاکستری رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا بس باریک پیس کر محفوظ رکھیں خوراک ایک خشخاش بالائی یا مکھن میں - ہر مرض کی حکمی اکسیر الاعظم لقمان ثانی دوا ہے = واقعی اکسیر جان ہے

درد دانت کی یعنی داڑھ ایک منٹ میں نکالنا
یہ ذیلی بوٹی کی کرامت ہے جو منتر ہے آزما دیکھو

گھگر بیل کا پھل کچل کر اس کا رس شیشی میں سنبھال رکھیں اور انگلی سے داڑھ کے ارد گرد لگا کر اور خداوند تعالیٰ کا نام لیکر داڑھ نکال لیں فوراً بغیر درد کے داڑھ نکل آئیگی مگر خیال رہے کہ رس تازہ ہو نسخہ خیبری مجرب ہے = اگر تازہ رس نہ ملے تو بازار سے خشک پھل لیکر اور پانی میں ابال کر رست نکالو اور داڑھ پر لگا دیا فوراً داڑھ نکل آئیگی یہ واقعی اکسیر کا عمدہ بوٹی ہے جو اکثر آزمودہ ہے

کشتہ مس بزنگ سفید عمدہ

یہ اکسیری کشتہ بنانے میں نہایت آسان اور فوائد میں ذی شان ہے

ایک عدد پیسہ پیر کی تصویر والا یوروپی ضرب کا لیکر اکیس بجھاؤ گھیکوار کے پانی
میں دیں بعدہٗ دس تولہ نوشادر پیچ اپ بست گلدان میں رکھکر اچھی طرح سمپٹ کر
ہوا سے بچاکر پچیس سیر اوپلوں کی آگ سرد ہونے پر نکال لیں انشاء اللہ العزیز کشتہ سفید
اگر کسی سبب سے پہلی مرتبہ خامی رہ جاوے تو دوسری مرتبہ پھر یہی عمل کریں بس تیار
ایک چاول رکھیں خوراک نصف چاول سے چاول تک ہمراہ مسکہ بالائی کے۔
یہ نسخہ نامرد کو مرد بنانے والا ہے غذا میں گھی دودھ کا استعمال کافی رکھیں ہفتہ
عشرہ کے لگاتار استعمال سے گیا گزرا مریض بھی اپنے آپ کو مرد کامل کہلانے کا دعویدار
ہو جائیگا یہ نسخہ بھی ایک خاص الخاص صدری راز کا ہے ‡

سوزاک کا ایک نہایت عمدہ نسخہ

یہ نسخہ دس پندرہ سال کے مرض کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے صرف سات خوراکیں کافی
ہوتی ہیں۔ نیولی دیکائین جسکو پنجابی ڈکانو بولتے ہیں لیکر سایہ میں خشک کریں
اور گولی مسمیت باریک پیسیں خوراک ۹ ماشہ صبح اور ۶ ماشہ شام ہمراہ دودھ
بالگائے کے استعمال کریں (نوٹ) اس نسخہ میں جتنی سرخ مرچ اور گرم مسالہ استعمال
کریگا اتنا ہی جلدی فائدہ ہوگا خاص کر گوشت کھانے والا
اکسیر الاثر نسخہ ہے بڑا ہی بہتر صرف نیل کھائی گرانے ہے

پتھری کا توڑ ۔ یعنی سنگ گردہ و مثانہ کے اخراج کیلئے یہ خرطیہ نسخہ ہے

نسخہ فی خوراک دیں

دوائی حجر الیہود	جوکھار	مولی کھار	= یہ ایک خوراک ہے سب ملا کر ہمراہ شربت
۱ رتی	۲ رتی	۱ رتی	

بزوری معتدل دیں دس یوم تک برابر استعمال کرائیں تاکہ تمام پتھریاں ریزہ ریزہ ہوکر نکل جائیں
لیکن اسکے ایک ہفتہ کے استعمال سے کئی پتھریاں خارج ہو جاتی ہیں پہلے ریگ پھر کنکر
پھر پتھریاں آجاتی ہیں جبتک پیشاب میں ریزہ ریزہ ہوکر آتی رہیں دوا کا استعمال جاری
رکھیں جب پیشاب صاف آنے لگے دو تین روز استعمال کراکر بند کردیں پھر تمام عمر پتھری پیدا
ہونیکا اندیشہ نہیں رہتا اکثر آزمودہ مطلب ہے

ترکیب دوائی حجر الیہود

سنگ یہود ۔	شورہ قلمی ۔	آب مولی	= ایک کوزہ گلی میں ۵ تولہ شورہ ڈالکر پھر سنگ یہود
۵ تولہ	۱۰ تولہ	۱ سیر	

۵ تولہ رکھکر پھر اوپر ۵ تولہ شورہ کا غلاف دیں پھر آب مولی ڈالکر کوزہ کو گلحکمت کرکے ۵ بار اوپلوں کی
آگ دیں سرد ہونے پر نکالکر پھر اسی طرح سنگ یہود کو دس تولہ قلمی شورہ کے درمیان رکھکر نیم سیر
آب مولی ڈالکر گلحکمت کرکے ۵ بار اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح متواتر چھ آگ دیں
پھر نکالکر پیس رکھیں بس دوائی حجر الیہود تیار ہے
اور مولی کا ہی پانی نکالکر نمک تیار کریں = مایہ ناز دوائے گردہ ہے)

نکسیر بند کرنے کا تیر بہدف مجرب بے خطا علاج

مشک کافور	اونٹ کی پشم کی راکھ	[illegible]	مازو	گیرو
۶ ماشہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۶ ماشہ	۴ ماشہ

تمام ادویہ کو باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت اللہ تعالیٰ کا نام لیکر بطور نسوار سنگھائیں انشاءاللہ العزیز خون کی بہتی ہوئی دھاریں فوراً بند ہو جائینگی اکثر مرتبہ کی مجرب بے خطا دوا ہے =

آگے نمبر ملاحظہ ہو

نمبر ۲ خاص الخاص روغن مجوبہ مقوی اعضائے تناسل

ایک منتخب قابل قدر مخفی راز کا نسخہ ہے اور لطف یہ کہ بے ضرر ہے آلہ ڈھیلا پن کرنا بہت عجوبہ خاص مقصود آلت و درازی و سختی کو دور کر کے مرد کامل بنا دیتا

روغن زیتون روغن چنبیلی کو ایک بوتل میں ڈال کر عاقرقرحا ۲ تولہ بیر بہوٹی

۱۰ تولہ ۲۰ تولہ ۶ ماشہ ۲ تولہ

باریک کھرل کر کے اس میں ملا لیں پھر رکھیں قبرستان کے کیڑے لینے ہوئے سر والی بڑی چیونٹیاں اُس میں ملا کر بوتل کا منہ مضبوط کارک سے بند کر کے کپڑا سے خوب باندھ دیں اور ۴۰ یوم تک دھوپ میں لٹکائے رکھیں سب اشیاء تیل میں حل ہو جائیں بعد میں تقدیر اچھی طرح حل نہ ہوں تو کپڑا سے چھان لیں رات کو حسب دستور مالش پان یا ارنڈ کا پتہ باندھ دیں

دو سو عدد

(نہایت عمدہ تیر بہدف آزمودہ اکثر زود اثر نسخہ)

کشتہ شنگرف

آب پیاز مقطر	آب لہسن مقطر	شنگرف رومی	پیالی چینی فراخ تلہ والی خورد
۱ سیر	۱ سیر	۱ تولہ	یک

انگاروں پر پیالی بمعہ شنگرف رکھکر پانی مقطر مذکورہ ڈیڑھ چھٹانک ڈالیں اور تنشویہ کریں یعنی جس وقت وہ پانی خشک ہو اور قلیل باقی ہو اور دوسرا پانی ڈالیں حتیٰ کہ پارہ آنچ میں تنشویہ ہو جائے لیکن جس وقت آخری پانی ہو تو خوب احتیاط کریں یعنی جس وقت تھوڑا پانی باقی رہے تو محض نرم آنچ پر پانی خشک کریں اور شنگرف مذکور فوراً نکال لیں اور کھرل مضبوط میں ڈالکر سحق کریں جس وقت باریک ہو جائے تو ورق طلاء خالص جرمنی ساخت کے تین تولہ لیں اور دو دو ورق ڈالکر سحق کریں ایک دفعہ کے جب اچھی طرح ناپید ہو جاویں اور چمک نہ رہے تو دوسری دفعہ ورق ڈالیں اسی طرح تمام ورق ختم کریں جب یہ ختم ہو جاویں تو پھر مروارید ناسفتہ اصلی عمدہ ۶ ماشہ لیکر انکو بھی دو دو کر کے تمام بالا ورق ختم کریں لیکن یہ خیال رکھیں کہ جس وقت ایک ختم یعنی بالکل باریک خوب ہو جاویں پھر دوسرا ڈالیں بس یہ عمل ختم ہوا۔ اب اس میں برقی طاقت ڈالنی ہے جس سے از حد درجہ قوی زود اثر ہو جاتا ہے وہ یہ ہے کہ دو بوتل رکھیں نائیٹرا اسپرٹ (روح الخمر) تولہ تولہ ڈالکر خوب قوی کھرل کریں اور رکنا ہرگز نہ ہوگا اسی طرح تمام اسپرٹ ختم کریں یعنی یہ کل چار دن کا کام ہے۔ اس کے بعد مرکب مذکور تھوڑی عرصہ تک نرم ہاتھوں سے مزید کھرل کریں تا اسپرٹ کی رطوبت بالکل خشک ہو جاوے تب شیشی میں بحفاظت سنبھال کر رکھیں۔ خوراک دو چاول سے چار چاول تک ہمراہ مسکہ یا بالائی دیگر غذا دودھ وقت پر ترش گرم خشک اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔ یہ مرکب ہر ایک مزاج کے موافق ہے اور ہر موسم میں قابل استعمال ہے ماننا فرض ہے کہ یہ کشتہ تیار شدہ پانچ منٹ کے اندر تمام جسم میں برقی رو پیدا کر دیتا ہے ایسا زود اثر نسخہ جو صحیح معنوں میں ہو کمیاب ہے نہایت درجہ کا مقوی ہے حکیم دائمی

سلسل بول کا عجیب الاثر نسخہ

جو مریض پیشاب کو ضبط نہ کر سکتا ہو اور بار بار حاجت ہوتی ہو ایسی حالت میں یہ
اکسیر کامل کا حکم رکھتی ہے بنا کر خوب آزمودہ میں مجرب ہے

کافور ۲ تولہ — طباشیر کبود ۱ تولہ — شنگرف رومی ۱ تولہ = ہر سہ ادویہ کو باریک پیس کر پانی کے ذریعہ
حبوب بقدر دانہ نخود تیار کریں = خوراک ایک گولی صبح ایک شام پانی کے ساتھ دیا جائے

یرقان کا صرف چند گھنٹہ میں شرطیہ مجرب علاج

خود رو کڑوی توری یعنی جنگلی کڑوی توری - اگر تازہ ہو تو اس کا پانی نکال کر اور اگر
ہتھیلی پر رکھ کر دو تین قطرے ناک میں چڑھا لیں اسکے اندر جانے کی دیر ہے کہ
کا پانی جو یرقان کا گندہ مادہ ہوتا ہے خارج ہونا شروع ہو گا اور سیروں کی مقدار میں
ہو کر انشاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہو گی اگر زیادہ خارش ہو تو بعد میں گائے کے گھی کی نسوار دے
نوٹ: یاد رہے کہ یہ دوا بڑی تیز ہے نازک طبیعت اشخاص پر اس کا تجربہ خیال کر کے کریں کیونکہ
آنکھ اگر درد شقیقہ ہونے لگتا ہے اور بعض کو چکر آتے ہیں اور بعض کو دو تین گھنٹہ
کا بخار ہو جاتا ہے جو پانچ دس گھنٹہ بعد خود بخود اتر جاتا ہے = لیکن اگر تازہ میسر نہ ملے تو خشک
توری کڑوی کا چھلکا لیکر اسے رات بھر پانی میں بھگو کر صبح اس پانی کے دو تین قطرے
تو وہی اثر ہوتا ہے کڑوی توری کا بیج بازاروں میں عام مل سکتا ہے اسکو بھی
لیا جاتا ہے اور اکثر آزمودہ شدہ ہے =

اکسیر الاثر محلول سم الفار عجوبہ

سم الفار سفید ۱ تولہ - گلیسرین ۲ تولہ = پیالی تام چینی یک - اول سم الفار کو باریک سفوف کریں پھر
گلیسرین میں ڈال کر انگاروں پر ہلکی ہلکی آنچ دیں کہ جوش نہ آئے جب جوش آنے کے قریب ہو تو نیچے اتار لیں
ذرا سرد ہونے پر پھر آنچ پر رکھیں اسی طرح چند مرتبہ کرنے سے چند منٹ میں تمام سم الفار
گلیسرین میں حل ہو جائیگا = لیکن یہ احتیاط ضروری ہے کہ گلیسرین آگ پر جوش نہ آنے دیں ورنہ سم الفار
کا جوہر اڑ جائیگا - دیگر اس محلول کا رنگ عمدہ کرنا ہو تو چند ذرے اصلی زعفران ملا کر گرم کریں زعفرانی رنگ
ہو جائیگا گرد سے بچا کر محفوظ رکھیں یعنی محلول کو کسی مضبوط ڈاٹ کی ہوئی شیشی میں رکھیں اگر شیشی کا منہ
کھلا رہے تو گلیسرین ہوا سے آبی بخارات جذب کر کے ذرا میں پانی جائیگا اور قوام بہت رقیق ہو جائیگا
اسلئے مضبوط کارک لگا کر رکھیں = لیکن یہ محلول حد سے زیادہ تیز ہے احتیاط سے استعمال کرائیں

(افعال و منافع)

یہ محلول اندرونی و بیرونی ہر دو طریقہ پر استعمال کیا جاتا ہے = مقوی و محرک باہ - مقوی معدہ - مقوی جگر
مقوی و محرک اعصاب - مخرج و قاطع بلغم - جرم کش - ہاضم تیز اور منقی ہے - اس لئے ضعف باہ - آتشک
و جذام - خنازیر - لقوہ - فالج - نمونیہ - دمہ - کھانسی اور پرانے سے پرانے ملیریا بخار وغیرہ وغیرہ کیلئے
اکسیر مفید و مجرب چیز ہے اور حکمی طور پر تریاق الامراض ہے بہت افضل بے ضرر چیز ہے +
بیرونی طور پر کسی مناسب روغن میں حل کر کے طلاء بالخصوص کے استعمال اس کمزوری اعصاب اور ہر قسم کے درد کو
دور کرتا ہے = اندرونی طور پر ضعف باہ کیلئے ایک بوند محلول - ڈاکٹری - دو رتی جاوتری تینوں کو
ملا کر ایک گولی بنالیں اور بوقت خواب ہمراہ شیر گرم دو دو تین ہفتہ استعمال سے کھلائیں حیرت انگیز اثر دکھائیگی
دمہ کھانسی میں ایک بوند شہد میں ملا کر چٹائیں صبح اسی طرح تمام دیگر امراض میں ہمراہ عرق شربت وغیرہ دیا کرے

۴۱

آنکھ کے ککرے

سرمہ سفید	پھٹکری بریاں	سمندر جھاگ	کشتہ جست	نیلا توتیا	مرچ سفید
۲ تولہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۲ ماشہ	۱ ماشہ	۵ دانہ

پیپلی ½ دانہ = تمام ادویہ کو باریک کر کے اول عرق لیموں ایک چھٹانک میں کھرل کریں بعدہٗ عرق گلاب میں تین چار روز کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ رات کو سوتے وقت ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں لگایا کریں۔ ککروں کیلئے نہایت مفید بلکہ اکسیر نسخہ ہے جس سے بہت مریض صحت یاب ہو چکے ہیں یہ خاص الخاص نسخہ ہے استعمال کریں اور فائدہ دیکھیں۔

۴۲

نوبتی و صفراوی بخاروں کیلئے اکسیر الاثر گولیاں

کافور	گیرو	طباشیر	دانہ الائچی خورد	افیون
۱ تولہ	۱ تولہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ	۳ ماشہ

جملہ ادویہ کو باریک کر کے پیس کر سفوف بنالیں یا گولی بقدر نخود بنالیں ہمراہ شربت صندل و عرق بید مشک دن میں چار مرتبہ دیا کریں۔ اگر حالت بخار ہو تو دو گھنٹے کے وقفہ سے دیتے رہیں انشاءاللہ اسی یوم میں آرام ہو جاویگا صفراوی بخار کے تمام عوارض مثلاً بے چینی۔ ہذیان۔ پیاس۔ جلن۔ غشی اور اسہال وغیرہ سب دور ہونگے = اگر نوبتی بخار ہو تو دو دن استعمال کریں ورنہ ہر حالت میں بغیر دوا آرام ہو جاویگا = // ایک آسان و مجرب نسخہ آگے ملاحظہ ہو = نشان

۹

پت کا مجرب علاج

یہ تپھور سرخی مائل موسم گرما میں اکثر ہوا کرتے ہیں عام طور پر انکو پت کہتے ہیں یہ نسخہ ان کیلئے از حد مفید ہے =

کافور	مردا سنگ	سوڈا سلی	سلاکس	سفیدہ کاشغری
۳ ماشہ	۳ ماشہ		۳ ماشہ	۳ ماشہ

ہر ایک تین تین ماشہ سرکہ دو تولہ میں پیس کر بوقت خواب ضماد کریں انشاءاللہ صبح تک تپھور معدوم ہو جائینگے اکثر تجربہ میں آکر مفید ثابت ہوا ہے۔

مرہم آتشک یا پھوڑا پھنسی وغیرہ

کافور، موم سفید، طوطیا ہر ایک دو دو تولہ۔ کمیلہ ایک چھٹانک۔ روغن سرسوں ایک پاؤ۔ تیل کو آگ پر رکھیں اور ساتھ ہی کمیلہ ڈالدیں تھوڑا تھوڑا آگ پر رکھا رہنے دیں کہ زیادہ ہو بعدہٗ اتار کر تیل کو ایک برتن میں ڈالیں دوسری ادویہ باریک کر کے شامل کریں یہ ایک قسم کا مرہم بن جائیگی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں روزانہ زخموں پر لگایا کریں ہر قسم کے پھوڑا پھنسی ناسور کھجلی گنج وغیرہ میں تیر بہدف ہے ایک ہفتہ کے استعمال سے انشاءاللہ ہر قسم کا زخم وغیرہ سب دور ہونگے مجرب ہے =

معمہ حیض کشا

جو بند شدہ حیض کو محض پانچ منٹ میں جاری کر دیتا ہے۔ چونکہ یہ ایک ہی خوراک سے
حمل بھی ساقط ہو جاتا ہے واللہ اعلم۔

ایک جونک لیں اور اس کو خشک کر کے پھر اس کے رگ و ریشہ سمیت کوٹ کر سفوف بنا لیں
پھر اس تمام سفوف کو ایک ہی مرتبہ پانی کے ساتھ پھانک لیں بفضلہ تعالیٰ فوراً خون جاری
ہو جائیگا اور جاری رہیگا جب بند کرنا مطلوب ہو تو سبز تمباکو کے پتے کا پانی پلانا چاہیے
اگر سبز تمباکو نہ ملے تو خشک تمباکو کے پتوں کو رگڑ کر چھان کر پلائیں بہت تھوڑی مقدار میں ورنہ قے
شروع ہو جائیگی بعد مقویات کا استعمال کرائیں =

برائے کرم دندان عجیب

کافور، نوشادر، افیون، لقمہ و خرداث برابر وزن لیکر باریک پیس لیں بوقت ضرورت
کرم خوردہ دانت میں رکھکر کسی چیز سے دبا دیں انشاءاللہ تعالیٰ کرم ہلاک ہو کر
دانت ہمیشہ کیلئے بند ہو جائیگا نہایت ہی عجیب و غریب چٹکلہ ہے

لوشن برائے درد دانت

کافور۔ فینائل کی گولی سپرٹ جملہ ادویات برابر وزن لیکر پہلے سپرٹ کو بوتل میں
ڈالکر پھر کافور اور فینائل کو باریک پیسکر ڈال دیں اور کارک لگا کر

خوب زور سے بند رکھیں تاکہ تمام ادویہ ایک جز ہو جاویں۔ لیکن بوقت ضرورت تھوڑی سی روئی لیکر
اس کو بھگا کر دانت پر ملیں انشاءاللہ تعالیٰ ایک ہی منٹ میں خواہ کتنا درد کیوں
نہ ہو فوراً بند ہو جاویگا۔

(۵)

یہ نسخہ ۱۳ اگست ... زیر بار تجربہ ... ۲۸ (منیر الاطباء)

کشتہ شنگرف مقوی بدن

یہ نہایت عجیب چیز ہے بدن کے اعصاب کو حرکت دیتی ہے اور قوی کرتی ہے معدہ اور
باہ کو بیحد قوت دیتی ہے ذہن میں رنگ سرخ کرتی ہے کایا پلٹ چیز ہے جو استعمال کرتے ہیں
وہ اسکے بیحد مداح ہیں خود بنا کر آزمائش کریں = نسخہ مبارک = نوشادر، پھٹکری کو علی الترتیب عرق
لیموں۔ امربیل۔ ... اور کیلے کے رس میں ایک ایک دن کھرل کر کے آگ یا دھوپ
خشک کریں اور جوہر اڑا لیں = یہ جوہر نوشادر۔ کافور رسکپور۔ جو ... ست پودینہ ...
کاربالک ایسڈ ایک تولہ ملا لیں یہ سب تیل ہو جاویگا۔ اس تیل میں تولہ شنگرف کچھ دیر پڑا رہنے
دیں اور پھر نکالکر جوان آدمی کے چھ ماہ تک پھر سیاہ بال مقدار میں لپیٹ کر ایک لوہے
چینی کی پیالی میں رکھیں اور دوسری پیالی سے بند کر کے نرم آنچ پر پکائیں بالوں کا تیل نکلکر اسمیں شنگرف
پکیگا جب یہ تیل خشک ہو جاوے تو شنگرف نکالکر خشک کر لیں اور صاف کریں اسی طرح اس تیل میں
دو کر لیں ترکیب بالا مذکور سے چار پانچ مرتبہ کرنے سے کشتہ بہ رنگ عنابی سیاہی مائل ہوگا
خوراک حسب مزاج چاول سے دو چاول تک نہایت عجیب چیز ہے

اکسیر جریان خاص الخاص

اسکے استعمال سے پہلے ہی روز احتلام بند ہو جاتا ہے اور دو روز کے اندر اندر جریان
قطعاً ٹھیر جاتا ہے دس روز متواتر استعمال کرنے سے سرعت انزال تبخیر معدہ بد ہضمی
ضعف دماغ - ضعف اعضائے رئیسہ - مراق اور بے خوابی رفع ہو جاتی ہیں اور روز بروز خون
صاف ہو کر گالوں پر چمکنے لگتا ہے اور بدن کا وزن بڑھ جاتا ہے = صفت
پیپل - بڑھ - کیکر - شیشم کی موٹی موٹی اور لمبائی میں برابر تازہ لکڑیاں لے کر
بیچ میں لوہے کی تار سے اکٹھی باندھ کر درمیانی حصے کو دہکتے ہوئے انگاروں پر
رکھ دیں ہر ایک لکڑی کے سرے کی طرف سے تیل کی قسم کا مادہ ٹپکیگا اکٹھا کر کے
تیل میں لمبا زیرہ الائچی خورد ہر ایک ہموزن کا آٹا گوندھ کر جا دیں اور گولہ سا بنا لیویں
گولہ بارہ روز کے بعد خشک ہو جائیگا اس سے نصف وزن کابلی مصری ملا کر صبح و شام
دو رتی نصف ماشہ کھمس یا ملائی میں = اکسیر چیز ہے

اڑجھنا رسفوار رس

بارہ - گندھک - بچھناگ - سہاگہ کھیل کیا ہوا = سبکو اسقدر رگڑیں کہ سیاہ نہ
ہو جائے اب اسکو کالے سانپ کے پیٹ میں گل حکمت کر دیں اور اس پیٹ کو
ایک مٹی کے برتن میں رکھ کر نیچے اوپر نمک سے ڈھک دیں اور اس برتن کو ڈھک کر بارہ
گھنٹے تک ہلکی آنچ دیں جب یہ برتن ٹھنڈا ہو جاوے تو دوا کو نکال لیں اور خوب
باریک پیس کر رکھ لیں اس میں سے ایک رتی دائیں نتھنے میں نسوار کریں تو دائیں
طرف کا بخار - اور بائیں طرف نسوار کریں تو بائیں طرف کا بخار چلا جاتا ہے بہت لوگوں پر تجربہ کیا

کشتہ تانبا اکسیر الاثر

عالمگیری پیسہ ۲۰ دانہ لیکر صاف کریں جس وقت شدھ ہو جاوے تو سنکھیا سمی کے دو دو
اور انکا بیج سیاہ نہ ہو ہر پانچ تولہ لیکر لغدہ بنا کر درمیان میں شدھ پیسے دیکر قلمی پانچ تولہ
کی پیالی یعنی ڈبیہ بنوا کر اس کے درمیان وہی پیسہ مع لغدہ رکھ کر اوپر کھدر کا کپڑا ذرا
سا گیلا کر کے یعنی بھگو کر اس پر لپیٹ دیں - پھر ہزار دانی بوٹی کا بھی لغدہ بنا کر سمپٹ ڈبیہ
رکھ کر دیں اوپر کھدر کا کپڑا لپیٹ دیں پھر اس پر ہرا نشاسٹ کی بوری کا ایک گز ٹکڑا
لپیٹ کر ۱۰-۱۵ سیر اوپلوں میں پھونک دیں پیسہ اور قلمی سفید نکلیں گے =

آتشک سوزاک جدید و کہنہ کیلئے واقعی اکسیری نسخہ

دو تولہ پھٹکڑی سفید کو مٹی کی کوری ہنڈیا پر بریاں کریں یعنی جسوقت پھٹکڑی کا پھولنا ش[illegible]
اسمیں ۳ ماشہ افیون خالص تھوڑی تھوڑی مقدار میں ڈالیں حتی کہ کل افیون ختم ہو جاوے اور
یہی بریاں ہو جاوے علیحدہ رکھیں۔ دوسری جز ۔ کیکر چھال یعنی پوست ریشہ لیکر باریک
پھر ایک تولہ طوطیا نیلہ درمیان پوست ریشہ یا پھر کے کوزہ گلی میں رکھکر خوب طور گل
کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں بعد سرد ہونے کے نکالیں تو تیا کشتہ شدہ برآ[illegible]

ترکیب سوزاک والے کیلئے ۔ ۳ ماشہ کشتہ طوطیا و پھٹکڑی بریاں شدہ بالا میں ملا کر دو گھنٹہ
کھرل کریں بعدہ شیشی میں رکھیں خوراک چاول بھر مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر دیں صرف دن میں
ایک [illegible] انشاء اللہ جدید سوزاک ہفتہ اندر کہنہ دو تین ہفتہ اندر نیست و نابود ہو جاتا ہے

ترکیب آتشک والے کیلئے ۔ مریض آتشک خواہ کتنا ہی گل گیا ہو اور کتنے ہی زخم ہوں [illegible]
اکیلا کشتہ طوطیا خوراک ایک رتی مسکہ یا بالائی میں رکھکر کھلا دیں۔ اور مریض کو صبح شام
بیٹھائے رکھیں ہرگز ادھر ادھر نہ ہونا دیں اگر مریض کو پیاس لگے تو بجائے پانی کے روغن زرد [illegible]
پلائیں اور پانی ہرگز نہ دیں چوبیس گھنٹہ کے اندر اندر زخم اور درد نابود ہو جاویگا مریض حیران [illegible]
کہ جو سالہا سال کے زخم تھے صرف چوبیس گھنٹہ کے اندر کہاں غائب ہوئے ۔ پھر بارہ گھنٹے کے بعد
پینے کی اجازت ہے انشاء اللہ مریض آرام ہوگا

زود اثر قوی التاثیر ہر امراض کا اکسیری نسخہ طلا

بشیر اکثر [illegible] ص ۵۳
[illegible]

برادہ طلا خالص کو آب ادرک (مقطر) پانچ تولہ ۔ آک کا دودھ (تازہ) پانچ تولہ ۔ آب گھیکوار پانچ تولہ
آب پان پانچ تولہ ترتیب وار علیحدہ علیحدہ کھرل کریں باری باری سے خشک کریں اور آخر میں
علاوہ بنا کر دس تولہ برگ پان کا لگدہ بنا کر ایک مٹی کے کوزہ میں رکھ کر اچھی طرح سے گل حکمت کریں
اور پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں ایسی جگہ پر جہاں کہ ہوا نہ لگے خوراک ایک چاول ملائی یا مسکہ میں صرف
آٹھ دن کے بعد خوراک ۔ لیکن موسم سرما میں ہر آٹھ خوراک تک دس سے زیادہ نہیں گرما میں تین چار خوراک
اور ہر ایک خوراک میں آٹھ روز کا وقفہ ضروری ہونا چاہئے =

ترکیب کشتہ قلعی پارہ شورہ والا عمدہ

قلعی مصفی پانچ تولہ ۔ پارہ دس تولہ ۔ قلمی شورہ ۲۰ بیس تولہ = پہلے قلعی کو پگھلا کر پارہ ہر ڈالکر گرم
ہالیں اور پھر اس گیرہ کو کھرل میں ڈالکر باریک پیسیں اور تھوڑا تھوڑا شورہ ڈالکر کھرل کرتا رہیں کم از کم
ڈیڑھ گھنٹہ میں باریک سفوف تیار ہو جائیگا ۔ پھر اسکو مٹی کے ریتلے بڑے کوزہ میں ڈالیں جو دو [illegible]
بڑا ہونا ہے آدھا حصہ خالی رہے پھر اسپر ڈھکنہ دیکر اوپر وزنی پتھر یا اینٹ دیدیں اور عین
میدان کے اندر دس بارہ سیر اوپلوں کی آنچ دیں خوب شور ہوگا اور شعلے بلند ہونگے لیکن آگ بجھ
جانے پر دیکھیں کوزہ میں قلعی کا کشتہ سفید گول بڑا انڈا سا نکلیگا باریک پیس کر کپڑ چھان
کر لیں پھر پانی میں دھو کر رکھ دیں جب پانی بیٹھ جاوے تو پانی گرا دیں تازہ پانی اور ڈالیں
چھ سات بار دھونے سے تمام شوریت نکل جائیگی پھر کام میں لاویں =

(طلائے خاص نمبر ۳)

برائے تقویت قریبی آلت و تندی و تیزی تمام لحاظ مفید و مجرب موثر است

ایک جوان گیدڑ کو دست و پا باندھ کر گرا دیں اور اسکے خصیہ میں بڑی بڑی سیاہ جونکیں لگا دیں جب وہ خون پی کر الگ ہو جاویں تب انکو تین پاؤ روغن چنبیلی میں ڈالکر کڑاہی میں آگ پر جلا لیں پھر روغن کو صاف کر کے اس میں دو تولہ سرخ منہ کے بڑے بڑے جنگلی چیونٹے ڈالکر ایک شیشی میں رکھکر دھوپ میں لٹکا دیں سردی کے لگاتار رکھیں ایام گرما میں ایک ماہ اور گرما میں ہفتہ روز تک رہنے دیں پھر دیگر بار چھان کر کے اسمیں چربی شیر - چربی ریچھ - چربی سانپ چربی مینڈک زرد کلاں چربی سانڈہ - انجیر کابلی کلاں گھونگھچی سفید بیج کنیر سفید ایک ایک تولہ لیکر جلا کر کھرل کریں - بطور معروف چھان کر ذرا گرم کر کے مالش کریں (بہتر ہے کہ تین چار دفعہ زنبور سیاہ ایک تولہ کو تیل ہمراہ جونک جلا لیں)

آسان جلمزورہ

سیمنٹ پتھر باریک = گلیجم بکری مساوی الوزن لیکر دونوں کو خوب کوٹیں یہانتک کہ دونوں
۱۰ تولہ ۱۰ تولہ
یک ذات ہو کر لیس پیدا ہو جائے لیس تیار ہے استعمال میں لاویں مجرب ہے =

(تابعدار مسکین ولی محمد حکیم افغان [illegible])

نمبر ۲۱ (اکسیری پارس کشتہ نقرہ)

جس طرح پارس کے اتصال سے دوسری اشیاء سونا بن جاتی ہیں اسی طرح اس کشتہ کا استعمال انسان کو ہمیشہ جوان رکھتا ہے - دل - دماغ - معدہ - مثانہ - جگر - گردہ کو حیرت انگیز قوت دیتا ہے اس کے استعمال سے پیری میں شباب کا لطف حاصل ہوتا ہے اور جوان کو [illegible] بنا دیتا ہے یہ کچھ لفظی تعریف نہیں بلکہ دعوے ہے کہ اس تعریف سے بڑھکر دس گنا فوائد ہونگے تیار کر کے بعد تجربہ اس نسخہ کی تصدیق کریں =

ایک تولہ نقرہ خالص مصفی کا پتر بنا ایک پاؤ نغدہ بھنگرہ سفید میں لپیٹ کر ۲ سیر اوپلوں کی آنچ دیں اسی طرح دو دن میں دو مرتبہ عمل کریں تیسرے دن اس پترہ پر ایک سم الفار سفید اور ایک ماشہ ہڑتال ورقی مصفا ملا کر گھیکوار سے چار گھنٹہ کامل کھرل کریں اور نغدہ بھنگرہ میں لپیٹ کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں علی الصباح نکالکر دوبارہ ترکیب بالا [illegible] سم الفار [illegible] ہڑتال ملا کر گھیکوار سے کھرل کریں اور نغدہ بھنگرہ سفید میں لپیٹ کر گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں پس اسی طرح دس مرتبہ عمل کریں ان تمام عمل کے دنوں کی مجموعی تعداد بارہ دن ہوگی بعدہ بڑی احتیاط سے شیشی میں رکھیں = خوراک ایک چاول کا چوتھا حصہ مسکہ گاؤ میں ایک چوتھائی میں رکھ کر کھائیں ایک ہفتہ کھا کر چار یوم ناغہ کریں بعدہ ایک ہفتہ استعمال کریں - اس درجہ قوت پیدا ہوگی جسکا ضبط مشکل ہوگا - اعضاء میں [illegible] تبدیلی ہوگی - رنگ چہرہ سرخ مثل خون کبوتر کے نکل آئیگا جملہ اعضاء رئیسہ قوی ہو جائیں گے

نور الٰہی [illegible] بہرحال صرف فوائد ظاہر ہونگے تجربہ صدہا بار کیا گیا ہے =

پیٹنٹ گولیاں مجرب

باہ، زور، نامردی کے سوا ہر قسم کی سستی و کمزوری کو یہ گولیاں دور کرتی ہیں جلق - اغلام
کثرت جماع - بچپن کی حرکات نالپسندیہ کی وجہ سے جب اعضائے جواب دے چکے ہوں
تو یہ گولیاں تریاق کا کام دیتی ہیں سینکڑوں بار کی مجرب ہیں مایوس از کار رفتہ کو
صاحب اولاد کر دیتی ہیں - نیز دماغ دل جگر معدہ گردوں وغیرہ کے افعال کو تحریک
اور اعصاب بڑی طاقت پیدا کر دیتی ہیں نسخہ ذیل ہے

ایکسٹریکٹ دمیانہ ۱۶ گرین - گولڈ کلورائیڈ - ایکسٹریکٹ کینتھرس ۱۸ گرین - انڈیکا ۱۰ گرین - سٹرکنائن ہائیڈرو ۲ گرین
ایکسٹریکٹ بلاڈونا ۱۰ گرین - ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ۱۸ گرین - زنک فاسفورس ۱۸ گرین - [illegible] ۶ گرین
فاسفورس ۳ گرین - ایکسٹریکٹ جنٹین ملا کر ۲ ۲ گولیاں بنا لیں ایک گولی بعد از غذا

حبس بول کا حکمی علاج

کسٹر آئیل ولائتی دو تولہ آب نیم گرم آدھ پاؤ میں ڈال کر مریض کو پلا دیں
اور چند منٹ کے بعد پیشاب روانی سے کھلے گا = ہاں اگر شدید تکلیف ہو ہمراہ اسکے
حبس کے سمان کا میل تھوڑے پانی میں گھس کر ناف پر لیپ کر دیجئے جس سے دوسری
خوراک کی انتظار کی زحمت نہیں ہوتی =

اسہال لانے کا بہترین چٹکلہ

حنظل کا پھل تازہ لیکر جو بڑا ہو - ایک ہلیلہ کابلی اس میں شگاف دیکر رکھ دیجئے اور تاگہ سے
باندھ دیجئے تیسرے دن پھر اس ہلیلہ کو نکال کر دوسرے پھل تازہ میں اسی طرح رکھئے
اور ہر تیسرے دن پھل تبدیل کرتے رہئے آخر چالیس پھلوں میں اسی طرح رکھنے پر یہ جوہر
تیار ہمیشہ کیلئے ہو جائیگی - جب ضرورت اسہال لانے کی ہو تو اسکو گرم کرکے نیم گرم
پانی سے دھو کر ہلیلہ ہاتھ میں دبا دیجئے دس منٹ کے اندر اندر اسہال آنا شروع
ہو جاتے ہیں - اگر بند کرنا منظور ہوں تو ہلیلہ کو ہاتھ سے نکال دیجئے اور ٹھنڈے پانی کا
ہاتھ دھو ڈالئے اسہال بند ہو جائیں گے نہایت ارزاں اور عجیب و غریب نسخہ ہے

نہایت درجہ کا کشتہ شنگرف مقوی باہ

شنگرف یکتولہ کسی کوزہ میں رکھکر آب برگ دھتورہ ڈال کر لبالب بھر دیں اور آگ پر رکھکر
خشک کریں بعدہ لغدہ برگ دھتورہ ایک پاؤ میں رکھکر سمپٹ کرکے ایک سیر کی آگ دیں
جب سمپٹ ٹھنڈا ہو جاوے نکال کر پھر دھتورہ کے دو دو دن دو تولہ میں شنگرف بند کر کو کھرل
کرکے ایک چھٹانک برگ [illegible] سبز کے لغدہ میں رکھکر ایک سیر کی آگ دیویں - پھر شنگرف کو نکال
کر ایک چھٹانک روغن زرد تازہ گاؤ میں کھرل کرکے ایک آہنی کڑاہی صاف میں ڈال کر اوپر اسکے
ایک کوزہ رکھدیں کوزہ پر کوئی سنگین بوجھ رکھکر کڑاہی کے نیچے پندرہ منٹ تک
آگ جلا دیں شنگرف گھی میں حل ہوکر سیاہ رنگ کا گاڑھا ہو جائیگا - اسمیں سے
بقدر ایک یا دو رتی مسکہ میں [illegible]

٥٥٠ ١١٠

جنین مردہ و مشیمہ کا احتباس

بچہ خدانخواستہ پیٹ میں مر جائے تو وہ وقت حاملہ کیلئے بہت خطرناک ہوتا ہے
جلد ممکن ہو اسکے خارج کرنے کی سعی کی جاوے نسخہ ذیل سریع الاثر جو منتخب کیا
کرنے والے ہیں انشاء اللہ تجربہ بالکل درست ثابت ہوگا

پوست تخم اتناس نیمکوفتہ پوست اخروٹ نیمکوفتہ عرق گلاب خالص تند
ا تولہ ٢٢

میں جوش دیں جب تین چھٹانک عرق باقی رہے نبات سفید تین تولہ بہتر قند سیاہ
دو تولہ اور زعفران اصلی چار رتی گھسکر ملائیں اور دیکھیں کہ کتنے منٹ کے
مردہ بچہ یا آنول نال باہر آجاتی ہے آزمودہ ہے

گشنیز تیل ولایتی دو تولہ نیمگرم پانی میں ڈالکر پلا دیں آدھ گھنٹہ کے بعد بچہ باہر
یہ بھی آزمودہ ہے

[illegible] جنیم

ڈوڈی گل لالہ کا شیرہ نکالکر اسمیں کچھ نوشادر پیسکر اس شیرہ میں خلط کرکے آہنی
کڑاہی میں رکھکر آگ دیں نوشادر شگفتہ ہوجاویگا سرمہ سا باریک پیسکر سلائی
لگایا کریں مجرب ہے یہ اسرار خفیہ سے ہے تمام مفرد ادویہ اسکے سامنے ہیچ ہیں
خود تجربہ کریں

١١١

کشتہ اکسیر کی ترکیب پارہ

علم اسرار الحکمت - کیمیا و رسائن کا ایک نسخہ سہل الترکیب و اساس الاکسیر
جو نفس الامر صحیح اور مجرب المجرب ہے

سیماب مصفیٰ کو اول تین روز تلسی کے پانی میں کھرل کریں بعدہ تین روز پان بنگلہ
کے پانی میں کھرل کریں بعد ازاں تین روز آب گل سورج مکھی میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر خشک
کریں اور ٹکیہ خشک شدہ کو [illegible] چینی کی پیالی میں [illegible] مجموعی [illegible]
کوٹ کر مثل مرہم کے کریں اور ٹکیہ درمیان میں رکھکر گلی کوزہ میں بند کرکے جب گل حکمت کریں
اور [illegible] چار سیر کی آگ دیں اور [illegible] نکالیں - یہ کشتہ
مصفی خون ممسک و مقوی اعلیٰ درجہ [illegible] اکسیر البدن ہے خوراک ایک خشخاش ہمراہ
برگ پان یا بالائی یا مسکہ یا منقیٰ کے =

٨٢٠

اکسیر کا روغن شنگرف مجلا

شنگرف رومی ایک تولہ - بھینس کا دودھ ایک سیر شنگرف کو باریک کرکے ململ کے کپڑے میں
پوٹلی بنا کر شیر [illegible] میں ڈالکر پکائیں جب دودھ نصف رہ جاوے دودھ کو جاگ مکھن نکالیں
مکھن کا گھی بنالیں اور گھی کو حفاظت سے رکھیں خوراک دو قطرے سے آٹھ قطرے تک
دودھ میں ڈالکر پئیں مقوی بدن مولد خون صالح مقوی باہ - چہرہ کو سرخ بنا دیتا ہے
اسکی [illegible] چھپا کر استعمال کرنا [illegible]

اکسیر طحال و جگر

عرق گلاب	سالٹ	جوہر پودینہ	پوٹاشی ٹی ڈائی	فرہی ایمونیا
ایک بوتل	سوڈا بائی کارب ۲ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ	۲ تولہ

عرق گلاب بوتل سب کو ملا کر حفاظت سے رکھیں خوراک دو تولہ روزانہ بڑھی ہوئی طحال تلی و معدہ و گردہ و مثانہ کے لیے چوٹی کا نسخہ ہے۔

کشتہ سم الفار مجھی

ایک بڑا شلغم لیکر اوپر طرف جہاں پتے نہیں ہوتے ایک انگشت چوڑا گڑھا بنا کر خالی کر دیں اور اسمیں سم الفار کی ڈلی رکھ دیں پھر جو کچھ شلغم سے نکلا تھا وہی اوپر رکھ دیں بار گل حکمت کر کے دس سیر پختہ اوپلے جنگلی ایک کونہ میں ہوا سے بچا کر آگ دیں نہایت عمدہ کشتہ برآمد ہوگا۔ خوراک دانہ خشخاش سے ایک چاول تک کھلائیں۔ بیحد مجرب غذا گھی دودھ بالائی وغیرہ کھانا ہوگی ہر امراض عصبی و قوت باہ و قوت معدہ کیلئے۔

کشتہ توتیا سبز سفید

ریگ ماہی دو دو پاؤ ریگ کے درمیان توتیا سبز رکھ کر اور گرد مجول جنگلی لگا دیں ٹھنڈا کر دیکھیں توتیا سبز سفید برآمد ہوگا۔

مچھروں کا چوکیدار ۲۸

ایک طشتری میں سادہ پانی بھر دیں اور اکسیر چند قطرے روغن تارپین ڈال کر اپنے پلنگ کے سرہانے رات بھر رہنے دیں اور خوب میٹھی نیند سوئیں امید ہے کہ آپ اس کا تجربہ کر کے حیران ہونگے کیونکہ مچھر کی فوج کا ایک سپاہی بھی رات بھر میں آپ پر حملہ نہیں کر سکیگا آزمودہ ہے۔

اکسیر امراض پیٹ وغیرہ زود اثر ۸۶

نوشادر	سہاگہ	ست کافور	باریک کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	

خوراک ایک رتی سے چار رتی تک کسی مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلائیں۔

نفخ شکم - بدہضمی - کثرت ریاح - متلی - قے - اسہال - جلاب - ہیضہ ہر قسم کیلئے تیر بہدف اور ہزار ہا مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے۔ فعل ہضم قوی ہو کر مرض رفع ہو جاتا ہے۔ پیچش میں درد شکم اور مروڑ کے ساتھ خون آنے کیلئے از حد مفید ہے لیکن فعل کی خرابی سے پیدا ہونے والے جملہ امراض آنا فانا رفع ہو جاتے ہیں۔ علاوہ ان کے - درد سر - داڑھ درد - نزلہ زکام وغیرہ کیلئے صرف ایک رتی ناک میں نسوار لیں فوراً آرام ہوگا۔

اکسیر چیچک و جدری

بیر بوٹی تازہ چند عدد شیشی میں ڈال کر اور ان سے دو چند چاول ساٹھی داخل کر کے شیشی کو مضبوط کارک لگا دیں اور اس وقت تک رکھیں کہ چاولوں کا رنگ نہایت گہرا سرخ ہو جاوے۔ بعد ازاں بیر بوٹی نکال کر چاول حفاظت سے رکھیں۔

بوقت ضرورت بلحاظ عمر دو تین چاول تک باریک پیس کر ایک عدد مویز منقی میں رکھ کر دیں اور قسمیں چند بار، زعفران کی بھی شامل کریں اور نگلوائیں۔

چاہے کیسی ہی سخت چیچک کیوں نہ ہو رب السموات والارض کی مہربانی سے فوراً شفا ہو گی خصوصاً جب کہ جدری اندر چلی جائے اور مریض کرب و تپش میں بیقرار ہو اور یہ استعمال کرائی جاوے تو اس وقت فوری اور برقی اثر دکھاتی ہے یہ عطیہ ربانی ہے

جلندرہ آزمودہ شدہ (لاجواب)

مولی چون	آرد ماش	چمک پتھر	سمندر سوکھ	سالم کلیجہ بکرا جوان
۸ تولہ	۹ تولہ	۶ تولہ	۹ تولہ	یک عدد

کڑاہی صاف میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا کلیجہ وقفہ وقفہ کے بعد ڈالو اور زور زور سے ہاتھ سے گھوٹو۔ مسلسل بارہ پہر کے بعد جلندرہ تیار ہے اور یہ تمام عمر کارآمد ہے استعمال سے خراب نہیں ہوتا تیار کر کے رکھ لیں بوقت ضرورت استعمال کریں اکثر آزمودہ ہے

اکسیر یرگی آزمودہ

درخت مدار یا آک یا اکڑے کے پتوں پر جو چیونٹیوں سے بھی چھوٹے زرد رنگ کے کیڑے ہوتے ہیں انکو جمع کر کے سفوف بنا کر رکھیں اور دورے کے وقت یہ سفوف گیہوں کے تنکے کی یا کسی ایسی ہی باریک نالی میں بھر کر زور سے مریض کی ناک میں پھونک دیں اس عمل سے مریض کو دو منٹ کے اندر ایک چھینک آتی ہے جس سے زرد رنگ کی گندگی خارج ہو کر آرام ہو جاتا ہے درست ہے

برائے سیلان گوش مجرب

خرمہرہ زرد سوختہ	کندر ریگ	انزروت	مرمکی	اقاقیا	دم الاخوین	گل …
۳ ماشہ	۱ ماشہ	۱ ماشہ	۱ ماشہ	۱ ماشہ	۱ ماشہ	۱ ماشہ

پھٹکری بریاں	آیوڈوفارم	بورک ایسڈ	ٹینک ایسڈ
۱ ماشہ	۱ ماشہ	۱ ماشہ	۱ ماشہ

سب کو خوب باریک پیس کر ملا لیں اور نلی کے ذریعہ کان میں پھونکے۔ سیلان گوش کیلئے اس سے بہتر شاید کوئی اور نسخہ نہ ہو گا کتنے سال کا پرانا مرض ہو اور مریض علاج کرا کر عاجز ہو گیا ہو انشاء اللہ اس کے چند روز استعمال سے عمر بھر تندرست ہو جاتا ہے مجرب آزمودہ ہے

117

درد دانت و داڑھ کا اکسیر علاج

سینکڑوں مرتبہ کی تجربہ شدہ اکسیر الاثر دوا

کریازوٹ ٹنکچر ادیوم ٹنکچر کیمفر ٹنکچر کلوروفارم ٹنکچر اکونائٹ

تمام ہموزن لیکر ڈراپر دار شیشی میں ڈالیں۔

ترکیب

کسی تنکے پر روئی لپیٹ کر اس دوائی میں ذرا سا تر کر لیں اور درد والے دانت پر لگا کر منہ ڈھیلا چھوڑ دیں تاکہ لعاب دہن گرتا رہے دم بھر میں آرام ہو جائیگا اگر داڑھ میں سوراخ ہو تو روئی کے پھاہا اس میں بھر کر لعاب گرا دیں کھانے کے وقت سوراخ کو صاف کر لیا کریں آزمودہ ہے۔

امساک و سوزاک و جذام و آتشک کا اکسیری نسخہ

چھوٹے چھوٹے مینڈک پکڑ کر ڈورے میں باندھ کر سایہ میں لٹکا کر خشک کر کے کوٹ چھان کر سفوف بنا لو۔ خوراک نصف ماشہ سے ایک ماشہ تک ہمراہ آب تازہ دو ہفتے سوزاک و جذام و آتشک کا قلع قمع ہو جائیگا۔ اور امساک کیلئے سفوف مذکور اور گل عباسی کی جڑ کا سفوف ہموزن ملا کر بذریعہ پانی ایک ماشہ کی گولی [illegible]

کشتہ روپیہ سالم الحروف آسان

بسم اللہ

حسن دھوپ اصلی جس سے گندھک کی سی بو آتی ہے رنگ زرد ہو دو تولہ لیکر اسمیں ایک روپیہ رکھکر پیالوں میں بند کر کے تین سیر اپلوں کی آگ دیں سالم الحروف کشتہ ہوگا خوراک ½ رتی مقوی باہ مشہور و معروف

آزمودہ برائے خنازیر (گنٹھ مالا)

بیچ ہر ناگ پھنی کے بیچول بقدر ایک تولہ۔ تیل دیسی سرسوں سیاہ خالص تین تولہ

تیل کو کسی قلعی دار برتن مثلاً کڑاہی وغیرہ میں خوب گرم کریں بعدہ تیل کو آگ سے اتار کر بیچول مذکور نہایت باریک پیسکر گرم گرم تیل میں ملا کر خوب حل کریں۔ یاد رہے کہ بیچول بہت گرم تیل میں نہ ڈالیں جس سے بیچول کا جوہر جل جاوے۔

ترکیب دن میں دو مرتبہ تیل مذکور تیار شدہ گلٹیوں پر بذریعہ پر مرغ یا انگلی سے مل لیا کریں انشاءاللہ ایک ماہ کے اندر ہی اس موذی مرض کا نشان نہیں رہیگا تمام گلٹیاں خود بخود غائب ہو جائیگی اور مرض دوبارہ عود نہ کریگا تجربہ شدہ ہے۔

(درد قولنج و باؤ گولہ کا مسمی اکسیری دوا)

باہر ہا کھار - پانی نصف گلاس میں ملا کر پلاؤ - امید ہے کہ انشاء اللہ مرض ۳ یوم

ایکسیمہ فوراً سے ہمیشہ کیلئے نجات ہو جائیگی یہ دوا جادو اثر کامیاب ہے

بارہا تجربہ کیا صحیح ثابت ہوئی -

(پانچ منٹ میں درد گردہ غائب)

بینمال کبوتر جنگلی سفید حصہ جدا کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں درد گردہ کیلئے

اکسیر ہے خوراک کم از کم دو رتی ہمراہ آب گرم دیں بس پانچ منٹ میں ماہی بے آب

کی طرح تڑپتے ہوئے مریض کو شفا ہو گی -

(دمہ کیلئے زود اثر مجرب دوا)

بھنگ خشک - قلمی شورہ - برگ دھتورہ خشک - تینوں چیزیں ہم وزن

لیکر خوب کوٹ کر کے محفوظ رکھیں - بوقت ضرورت اس دوا کی دو تین چٹکی

لیکر چلم میں رکھکر بطور تماکو پلائیں یا سگریٹ میں ڈالکر دیں بس دھواں

پینے کی دیر ہوگی کہ دمہ کا دورہ کسطرح اڑ جاتا ہے بہت لاجواب اکسیر الاثر

دوا ہے کئی دفعہ آزمائش ہوئی

منہ پر کیل اور چھائیاں کی مجرب دوا

اکوا پر لا بیل - ہومیوپیتھک کی ایک دوا مثل عرق یعنی سیال ہے

رات کو سوتے وقت ذرا سا کپڑے پر لگا کر منہ پر مل لیں اسی رات میں آرام

ہو جائیگا -

(بہرہ پن کا تیل)

مولین آئیل = ہومیوپیتھک کی دوا جو بہرہ پن دور کرنا کیلئے اکسیر کا حکم رکھتی

دوا ہے

(ورم پستان زنان)

اگر چھاتیوں میں ورم آگیا ہو اور پیپ نہ پڑی ہو تو ذیل کا نسخہ استعمال کریں ہمیشہ مادہ

فوراً تحلیل کرتا ہے مجرب ہے

مویز منقے کشمش مغز بادام ہر سہ ادویہ ہموزن کو لیکر یکجان کر لیں اور کڑاہی میں

بریاں معمولی طور پر کر لیں اول نیم گرم ضماد کریں بعدہٗ گرم گرم رکھ کے باندھ دیں ایک دو دفعہ

باندھنے سے تخفیف ہو جاویگی - نیز ہر قسم کے ورم کو مفید ہے بشرطیکہ پیپ نہ پڑی ہو

ص ۱۲۵ (حبوب طحال آزمودہ)

غاریقون ۸ ماشہ، افتیموں ۸ ماشہ، سنبل الطیب ۸ ماشہ، ریوند خطائی ۶ ماشہ، تربد سفید ۶ ماشہ، حب النیل ۶ ماشہ، مقل ارزق (ازرق) ۶ ماشہ

زنجبیل ۶ ماشہ، شحم حنظل ۱ تولہ، دار چینی ۴ ماشہ، پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ، صبر سیاہ ۲ تولہ، نمک شیشہ ۴ ماشہ

بآب کنوار گندل حب بقدر نخود کلاں بندد بوقت خواب چار حب آب نیم گرم

سرمہ اکسیر ککرہ چشم عمدہ

سرمہ سیاہ ۳ ماشہ، کاہنج سبز ۳ ماشہ، قرنفل ۳ ماشہ، سونا مکھی ۳ ماشہ، روپا مکھی ۳ ماشہ، دنکار ۳ ماشہ، سمندر جھاگ ۳ ماشہ

پیلی سونا ۳ ماشہ، میل چاندی ۳ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، افیون ۲ ماشہ، پھوڑ جتہ یعنی زنک اوکسائیڈ ۵ تولہ، بورک ایسڈ ۲ تولہ

* ترکیب تیاری: سبکو خوب باریک کر کے سرمہ بنالیں۔ استعمال صبح و شام دو دو سلائیاں آنکھوں میں لگایا کریں سو فیصدی مجرب ہے ہزاروں مریضوں پر آزمودہ میں تیر بہدف پایا پرانے سے پرانے ککرے اس سرمہ سے جاتے رہتے ہیں کوئی دوا اسکا مقابلہ نہیں کر سکتی آزمائیش خود کر کے دیکھ لیں

(اکسیر حیض)

جاری حیض بے عدیل

تخم سویا ۲ ماشہ کو جوش دیکر اسکے پانی کو شربت قند سیاہ میں بنا کر نیم گرم پلا دیں فوراً حیض جاری ہوگا اور مردہ بچہ بھی باہر آجاویگا

اکسیر طحال مجربہ

پانی تیزاب ۵ ماشہ، سرکہ انگوری ۱۰ ماشہ، سرکہ جامن ۱۰ ماشہ، جوکھار ۳ تولہ، قلمی شورہ ۳ تولہ، نوشادر ۳ تولہ، جو ندوان بچہ ۳ تولہ

بر تن گلی کلاں پختہ یعنی گھڑا لبریز میں تمام چیزیں ڈالکر بحفاظت رکھیں اور ہر تیسرے یوم باہر والا جوہر برآمدہ اکٹھا کریں اور روزانہ گھڑے والے پانی کو ہلا دیا کریں پس اس جوہر کی خوراک ایک رتی روزانہ نہار منہ استعمال کرایا کریں =

اکسیرہ حبوب بواسیری

پوست نمولیاں پختہ نیم دبکائیں ہر ایک پانچ پانچ تولہ۔ رسوت مصفا دو تولہ پتہ بکری دس عدد۔ تمام کو باریک کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنا دیں۔ استعمال ایک صبح و ایک شام ہمراہ آب تازہ کھا دیں۔ اکیس یوم کے استعمال سے دائمی آرام ہوگا

بوکسہ مصطفی خوں

(از حد مقطع خون و دافع خارش بدن مجربہ تجربہ شدہ)

گلسرخ ۱ تولہ، تخم کاسنی ۳ ماشہ، صندل سفید ۶ ماشہ، شاہترہ ۹ ماشہ، پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ، ہلیلہ سیاہ ۹ ماشہ، برگ سناء ۱ تولہ

یہ بھگو کر صبح ہمراہ شہد چار تولہ ہمراہ کر کے مریض کو پلا دیں اور فضلہ کو تین حصہ کر کے پانی دو دو بوقت شام ہمراہ شہد حب لینہ استعمال کریں قریباً ہفتہ عشرہ کے استعمال سے مریض کو کلی نجات ہوتا ہے

عرق منڈی سپر بلاد جوہر عشبہ وغیرہ دستکاری مانع خون کہ یہ سب سے بہترین ثابت ہوا ہے

اور از حد مقطع خون ہے

کھنرالی و ورم کنج ران

کھنرالی بغلوں میں نکلتی ہے سخت درد کرتی ہے = اور ورم کنج ران دانوں کے عین بیچ
ابھر نکلتی ہے = اگر درخت بڑ کا دودھ اس پر لیپ کریں تو اسکو بڑھنے سے روک لگا - اور
کیلہ اور سہاگہ باریک کر کے کنوار گندل کے قتلہ پر چھوڑ کر باندھیں نہایت عجیب تجربہ ہے اور
یہ دونوں مرض تحلیل ہو جاتی ہیں اگر بڑی ہو جاوے تو یہ مرہم استعمال کریں - سہاگہ - ہلدی - بیرا گر
تینوں مساوی وزن کی مرہم بنا دیں اور لگا دیا یہ مرہم ہمیشہ مل کر دیکھی اور کسی طرح سے پھنسی نہ ہو اور
تکلیف زیادہ ہو تو بچے کا پیشاب برتن میں ڈال کر ذرا گرم کر کے کا رابلا صابن کی ایک ٹکیہ اسمیں باریک کر کے
ڈالیں اور تھوڑا نمک ڈال کر آگ پر چڑھا دیں جب خوب غلیظ ہو جاوے تو نیم گرم تمام لیپ کر دیں
انشاء اللہ تعالی خود بخود پھٹ جاوے گا اور پیپ جاری ہو گی جس سے آخر صاف ہو جاوے
اوپر سے مرہم کا استعمال کریں۔

(آسان و مجرب اکثر ہر قسم کی تپ ہر اقسام خصوصاً میعادی بخار کیلئے)

گیرو	نوشادر	شورہ قلمی	فٹکری کر کرو	جملہ ادویہ کو خوب باریک پیس چھان کر
۱ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۸ تولہ	

سفوف تیار کریں - خوراک ۱ تولہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ دیا جاوے مجرب ہے

علاج درد دندان از قلمی بیاض

بقدر نیم فلوس مرچ سیاہ آورده در یک پاؤ آب خوب جوش کند بعده تیز گرم کرده
در دہن بدارد بقدر یک دو لحظہ در دہن داشتہ آنرا بریزد و باز دیگر در دہن بدارد
و ہمچنین دو سہ بار بکند امید است کہ اندران روز دفع درد خواہد شد و الا در
روز دیگر ہم بکند ہرگز نہ خواہد ماند بالکل دفع خواہد شد آزمودہ و مجرب کار است

ممسک مجرب

تخم جوز ماثل	بچرس	افیون دیسی	بسباسہ	صمغ عربی	سم الفار سفید
۱ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ

کیلہ مدبر	فلفل سیاہ	زعفران
۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ

+ سبکو باریک کوٹ کر بھنگ کے پانی میں
تر بہ بھنگ کا دودھ

پانی میں کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ نخود کم بمقدار فلفل بنا دیں - خوراک
ایک گولی ہمراہ آب ایک دو گھنٹہ قبل جماع - مگر بہتر ہے کہ بعد میں دودھ گھی ملا کر
گرم گرم پینا ضروری ہے نہار منہ ہرگز نہ استعمال کریں۔

دیگر

اول تخم دھتورہ سفید کا بذریعہ پتال جنتر تیل نکال کر شیشی میں محفوظ رکھیں -
رات کو بوقت خواب مواصلت پان بجائے چونہ کے ۲ رتی تیل لگا کر
نوش کر لیا اور تھوکیں ہرگز نہ آہستہ آہستہ چوستے رہیں اور لطف
حاصل کریں شدت سے امساک ہو گا۔

(سہل الترکیب واکسیر الاثر عرق مجرب بجالہ) 125/1

ابو کے استعمال زنگ پیر کی و بیچپس و تپ وغیرہ اور جوان کے بخار ہر اقسام خصوصاً تپ ملیریا وغیرہ
مثلاً جو مرض بوجہ گرمی کے ہوا ہو ان کیلئے آب حیات ہے اور فوری اثر دکھاتا ہے
کافور [illegible] کو باریک پیس کر ایک بوتل پانی میں حل کریں پھر مضبوط کارک لگا کر رکھیں بس
جادو اثر دوا تیار ہے = ترکیب استعمال بچوں کو حسب عمر مثلاً چھ ماہ سے دو سال تک کے بچے کو
۲ ماشہ عرق ہمراہ پانی [illegible] میں ملا کر دیں دن میں ایک یا دو بار = باقی عمر پر اندازہ لگا کر استعمال کریں
جوان کو بحالت بخار ملیریا یا گرمی کے موسمی بخار وغیرہ میں ۵ تولہ عرق اکسیر اور ایک چھٹانک پانی
میں ملا کر دیں دن میں تین بار بفضل تعالیٰ اول روز آرام ہو گا =

(عرق دافع سوزاک جدید اکسیر الاثر)

ایک چھٹانک گشنیز خشک کہنہ لیکر رات کو آدھ پاؤ پانی میں بھگو چھوڑیں صبح جوش دیکر چھان لیں
بس حاصل کردہ عرق کو ایک بوتل میں ڈالدیں پھر اسمیں ایک [illegible] شربت بزوری درجہ اول اور
چند ماشہ روغن صندل اصلی میسور والا ۲ تولہ دونوں کو عرق مذکور میں ملا کر [illegible] دیں اور بوتل پر بارہ نشان
[illegible] کر دیں بس ایک ایک خوراک دن میں تین بار ہمراہ [illegible] چاول [illegible]
